Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 — منگل 31 مئی 2022ء، 29 شوال المکرم 1443ھ، 17 جیٹھ 2079 ب، قیمت 20 روپے — شمارہ 52

جتنی اقتدار کی جنگ کیلئے لگے ہوئے ہیں اس سے آدھا بھی زور لگا لیں تو اصل مسائل حل ہوسکتے ہیں، عدالت

سیاسی قیادت کو آپس کی لڑائیاں ختم کرکے اصل مسائل حل کرنے چاہئیں: اسلام آباد ہائیکورٹ

کیا وجہ ہے جو حکومت میں آتا ہے پچھلے والی باتیں بھول جاتا ہے، بلوچ طلبہ کو کل والے ڈنڈے مار رہے تھے آج بھی ان کی کوئی آواز نہیں، ریاست کی کوئی ذمہ داری ہے؟ لاپتہ افراد کی کوئی آواز نہیں ہے

حکومت کو چاہیے کہ ایسا میکنزم بنالے کہ اگر کسی صحافی کیساتھ مسئلہ ہوتو ایک ہی جگہ اس کیخلاف شکایت درج ہو۔ عدالت نے صحافیوں کیخلاف کارروائیوں سے متعلق میکنزم بنانے کیلئے تجاویز طلب کرلیں' چیف جسٹس

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) چیف جسٹس اطہر من اللہ نے صحافیوں کے خلاف ملک بھر میں درج مقدمات کے خلاف کیسز پر سماعت کی۔ صحافی ارشد شریف، معید پیرزادہ، سمیع ابراہیم، عدالتی معاون و اسلام آباد ہائی کورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر ثاقب بشیر عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ کیا وجہ ہے جو حکومت میں آتا ہے پچھلے والی باتیں بھول جاتا ہے، بلوچ طلبہ کو کل والے ڈنڈے مار رہے تھے (بقیہ نمبر 28)

لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ختم ہونے میں 10 روز باقی

لاہور (ہادی حسین) لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ختم ہونے میں دس روز باقی رہ گئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ختم ہونے میں صرف دس روز باقی رہ گئے۔ محکمہ بلدیات نے لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے ختم ہونے کے بارے میں حکومت کو بھی آگاہ کردیا ہے۔ سیکرٹری بلدیات اسد رحمان گیلانی کا کہنا ہے کہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ختم ہونے پر تیاری مکمل کر لی ہے، نیا (بقیہ نمبر 29)

جو اپنی ضمانت پر گئے بھائی کو واپس نہ لاسکا وہ قوم کو کیا دیگا

اسرائیل سے دوستی بڑھائی جارہی ہے اور ہندوستان سے تجارت شروع ہونیوالی ہے' شیخ رشید

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سابق وفاقی وزیر اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کا کہنا ہے کہ جو شہباز شریف 50 روپے عدالتی اسٹامپ کی گارنٹی پر 4 سال میں اپنے بھائی کو واپس نہ لاسکا وہ قوم کو کیا دیگا۔ اپنے ایک بیان (بقیہ نمبر 30)

آصف زرداری اور ملک ریاض کی کال سچ ہے' ثناء اللہ

آصف زرداری اس آڈیو لیک سے پہلے بھی بتاتے رہے ہیں کہ کیسے عمران خان ان سے این آر او مانگنے کی کوشش کرتے رہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ نے سابق صدر آصف علی زرداری اور بزنس ٹائیکون ملک ریاض کی مبینہ کال کو بالکل سچ قرار دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف زرداری اس آڈیو لیک سے پہلے (بقیہ نمبر 31)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مزید بڑھیں گی' وزیرخزانہ

روس سے گندم لینے کی کوشش کریں گے، اس نے راستہ نکالا تو سستا تیل بھی خریدا جائے گا' مفتاح اسماعیل

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی وزیرخزانہ نے خبردار کیا ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مزید بڑھیں گی۔ وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسمٰعیل نے نجی ٹی وی انٹرویو میں کہا ان مصنوعات پر سبسڈی مزید ختم کی جائے گی، جس (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد' وزیراعظم شہباز شریف سے چینی سرمایہ کار کمپنیوں کے نمائندگان ملاقات کررہے ہیں

چین ہمارا سچا اور با اعتبار دوست ہے اور ہر مشکل وقت میں پاکستان کیساتھ کھڑا رہا ہے' چینی سرمایہ کار کمپنیوں کے نمائندگان سے گفتگو

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تحریری شرائط کی نہیں چین کے تعاون کی ضرورت ہے' وزیراعظم

میرا خیال ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی گہری اور مضبوط ہے اور یہ شہد کی طرح میٹھی ہے، یہ دوستی طوفان، زلزلوں اور سیلابوں میں بھی نہیں لڑکھڑائی اور ہر گزرتے لمحے کے ساتھ مضبوط ہوئی ہے

میں ایمانداری سے کہہ رہا کہ گزشتہ دو دہائیوں میں چین کی بے مثال ترقی کی یہ پاکستان کے لیے ایک نمونہ ہے، میں نے جب چین کا دورہ کیا تو یہ ترقی میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھی

چین نے ہر شعبے میں ترقی کی، اس میں آئی ٹی، تجارت اور تمام ترشعبہ جات شامل ہیں انہوں نے لاکھوں لوگوں کو غربت سے نکالا اور زراعت کے قوانین میں اصلاحات کا نفاذ کرتے ہوئے پیداوار میں اضافہ کیا

سی پیک پاکستان کو آگے لے کر جانے کا اہم ذرائع ہے، انہوں نے پلانٹ لگائے جس کے ذریعے ہماری لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ہوا' سی پیک کے بغیر ہمیں مشکل حالات کا سامنا تھا

اسلام آباد (عوامی للکار) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش مسائل سے نمٹنے کیلئے مالی، امدادی اور تحریری شرائط کی ضرورت نہیں ہے، ہمیں اپنے چینی دوستوں کے تعاون کی ضرورت ہے۔ چینی سرمایہ کار کمپنیوں کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے بتایا کہ پاکستان اور چین کی دوستی خطے میں سب سے پرانی دوستی ہے، چین ہمارا سچا اور با اعتبار دوست ہے اور ہر مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی گہری اور مضبوط ہے اور یہ شہد کی طرح میٹھی ہے، یہ دوستی طوفان، زلزلوں اور سیلابوں میں بھی نہیں لڑکھڑائی اور ہر گزرتے لمحے کے ساتھ مضبوط ہوئی ہے۔ (بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم سے سربراہ پاک فضائیہ کی ملاقات، پیشہ وارانہ امور پر تبادلہ خیال

ائیر چیف نے وزیراعظم کو فضائیہ کی آپریشنل صلاحیتوں سمیت دیگر امور پر بریفنگ دی

اسلام آباد (حاجی ندیم) وزیراعظم شہباز شریف سے پاک فضائیہ کے سربراہ ائیر مارشل ظہیر احمد بابر نے ملاقات کی جس کے دوران پیشہ وارانہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ائیر چیف ظہیر احمد بابر نے وزیراعظم شہباز شریف کو فضائیہ کی آپریشنل صلاحیتوں سمیت دیگر امور پر بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے ائیر فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد کا (بقیہ نمبر 47)

چنیوٹ ڈیم رواں سال دسمبر تک مکمل ہو جائیگا

اسلام آباد (حاجی ندیم) چنیوٹ ڈیم رواں سال دسمبر تک مکمل ہوجائے گا، یہ ڈیم چنیوٹ شہر سے تقریبا 5 کلومیٹر دور دریائے چناب پر بنایا جا رہا ہے جس پر کام فنڈنگ کے مراحل میں ہے' یہ ڈیم صفر اعشاریہ 90 ملین (بقیہ نمبر 48)

وزیراعظم کا ہائر ایجوکیشن کمیشن بحال کرنیکا حکم

کمیشن کے بجٹ میں گزشتہ پونے 4 سال میں ہونے والی کٹوتیوں نے اعلی تعلیم پر منفی اثر ڈالا ہے

اعلی تعلیم کو بین الاقوامی معیار کے مطابق استوار کرنے والے پروگرامز کی تعداد بڑھائی جائے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) وزیراعظم شہباز شریف نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی بحالی اور بجٹ 2022-2023 میں کٹوتی نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیراعظم نے وزارت منصوبہ بندی اور خزانہ کو ہائر ایجوکیشن کمیشن سے متعلق ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو بحال اور اس کے بجٹ میں کٹوتی نہ کی جائے۔ کمیشن کے بجٹ میں گزشتہ پونے 4 سال میں ہونے والی (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد' تحریک انصاف کے احتجاج کے پیش نظر فیض آباد اور ایکسپریس ہائے وے کو دوبارہ کنٹینرز لگا کر سیل کرنے کیلئے کنٹینرز سائیڈز پر رکھے جا رہے ہیں

ذہنی غلامی کی زنجیریں ہمیشہ کیلئے ٹوٹ چکی ہیں' عمران خان

26 مئی کی رات ایک بجے سے لے کر صبح 8 بجے تک 7 گھنٹے تک کنٹینر پر کھڑے ہوکر جو دیکھا

غیر ملکی سازش کے تحت مسلط کی گئی امپورٹڈ حکومت کے آنے کے بعد سے پاکستان ہمیشہ کے لئے تبدیل ہوگیا ہے

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کا کہنا ہے کہ بیرونی سازش سے مسلط کی گئی حکومت نے پاکستان کو ہمیشہ کے لئے تبدیل کردیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے ٹوئٹ میں کہا کہ میں نے 26 مئی کی رات ایک بجے سے لے کر صبح 8 بجے تک 7 گھنٹے تک کنٹینر پر کھڑے ہوکر جو دیکھا اس نے یہ ثابت کردیا کہ غیر ملکی سازش کے تحت مسلط کی گئی امپورٹڈ (بقیہ نمبر 34)

حکومت کے پاس زہر کھانے کو بھی پیسے نہیں ہیں، مصدق ملک

ایران سے بہت تیل پاکستان اسمگل ہو رہا ہے، وزارت پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ حکومت کے پاس زہر کھانے کو بھی پیسے نہیں ہیں۔ محمد عبدالقادر کی زیر (بقیہ نمبر 50)

خورشید شاہ کا وزیراعظم کو خط، سمریوں کی منظوری پر اعتراض اٹھادیا

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وفاقی وزیر خورشید شاہ کا وزیراعظم شہباز شریف کو خط، سمریوں کی سرکولیشن کے ذریعے منظوری کے معاملے پر اعتراض اٹھا دیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر خورشید شاہ نے وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ دیا، جس میں کہا گیا کہ کابینہ میں زیر بحث آنے والے معاملات کو سمریوں کی سرکولیشن کے ذریعے منظور کیا جارہا ہے، پچھلے ایک ماہ کے دوران یہی پریکٹس دیکھی گئی ہے۔

عمران خان سے ہاتھ ملانے کیلئے سائن بورڈ پر چڑھنے والے کی ویڈیو وائرل

سوچا ہی نہیں تھا کہ گر گیا تو کیا ہوگا، خان صاحب کیلئے جان بھی حاضر ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پی ٹی آئی کارکن کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے جس میں اسے عمران خان سے ہاتھ ملانے کے لیے سائن بورڈ پر چڑھے دیکھا جاسکتا ہے جس کے بعد وہ سابق وزیراعظم سے ہاتھ ملانے میں کامیاب بھی ہوگیا۔ (بقیہ نمبر 51)

ثناء اللہ جیسے لوگ چاہتے ہیں لاہور میں بھی ایم کیو ایم بن جائے

ہمارے کارکنوں پر جو ظلم کیا گیا وہ آمریت میں بھی نہیں ہوا، مارچ کے دوران جو کچھ کیا گیا وہ سب کے سامنے ہے' شہباز گل

ہم نے پولیس کو ہدایت کی تھی سیاسی ورکرز کو نشانہ نہ بنائیں، ہم نے اپنے دور میں کسی کے خلاف پولیس کو استعمال نہیں کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل نے کہا ہے کہ ہم نے اپنے دور میں کسی کے خلاف پولیس کو استعمال نہیں کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہباز گل نے کہا کہ ہمارے کارکنوں پر جو ظلم کیا گیا وہ آمریت میں بھی نہیں ہوا، مارچ کے دوران جو کچھ کیا گیا وہ سب کے سامنے ہے۔ شہباز گل نے کہا کہ رانا ثنا اللہ نے پولیس کو کارکنوں کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کیا، ان جیسے لوگ چاہتے ہیں لاہور میں بھی ایم کیو ایم بن جائے۔ انہوں نے کہا کہ وکلا، خواتین، بچوں، کارکنوں اور رہنماؤں (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد' ایوان صدر میں صدر عارف علوی شہادت اعوان سے حلف لیتے ہوئے

اسلام آباد میں مختلف مقامات پر دوبارہ کنٹینرز رکھ دیئے گئے

راستے تو بند نہیں کیے گئے لیکن کنٹینرز کی آمد سے یہ واضح ہوگیا کہ وفاقی دارالحکومت کو محفوظ بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے

رانا ثنااللہ کہہ چکے ہیں کہ اب کسی کو احتجاج کے لیے اسلام آباد میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں اتوار کی رات مختلف مقامات پر دوبارہ کنٹینرز رکھ دیئے گئے ہیں۔ راستے تو بند نہیں کیے گئے لیکن کنٹینرز کی آمد سے یہ واضح ہوگیا کہ وزیر داخلہ کی ہدایت کی روشنی میں وفاقی دارالحکومت کو محفوظ بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ کہہ چکے ہیں کہ اب کسی کو احتجاج کے لیے اسلام آباد میں داخل ہونے کی اجازت (بقیہ نمبر 52)

وحدت روڈ پر تعمیراتی کام کیلئے لگایا گیا ڈھیر ٹریفک میں روانی کیساتھ کسی بھی ناخوشگوار حادثے کا سبب بن سکتا ہے

زکریا ایکسپریس میں خاتون کے ساتھ ٹرین عملہ کی اجتماعی زیادتی

ملتان (نامہ نگار) ملتان سے کراچی جانے والی 26 ڈاؤن زکریا ایکسپریس میں ایک خاتون کے ساتھ ٹرین عملہ کی اجتماعی زیادتی کا بھیانک کیس سامنے آیا ہے، اورنگی ٹاؤن کراچی کی رہائشی خاتون کو دوران سفر ٹکٹ چیکر انچارج اور ایک شخص نے زیادتی کا نشانہ بنایا' خاتون اپنے سسرال مظفر گڑھ سے (بقیہ نمبر 35)

عمران خان دوسرے لانگ مارچ سے بھی راہ فرار اختیار کررہا ہے' حسن مرتضی

پیدائشی بھگوڑا گرفتاری سے بچنے کے لیے پشاور میں چھپا بیٹھا ہے

لاہور (ہادی حسین) پیپلز پارٹی کے پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر سید حسن مرتضی نے کہا ہے کہ عمران خان دوسرے لانگ مارچ سے بھی راہ فرار اختیار کررہا ہے، پیدائشی بھگوڑا گرفتاری سے بچنے کے لیے پشاور میں چھپا بیٹھا ہے، گوگی کا وکیل اپنی کرپشن بچانے کے لیے خیبر پختونخواہ کے سرکاری وسائل کا ذاتی استعمال کر رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں حسن مرتضی نے کہا کہ عمران خان نے مظلوموں کی لاشوں پر بھی اپنی دکانداری چمکانے سے دریغ نہ کیا، عمران نیازی نے جلسے میں جس مقتول کا پوسٹر لہرایا وہ تحریک انصاف کی حکومت میں قتل ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کی عوام نے عمران خان کو بلدیاتی انتخابات میں ٹھینگا دکھادیا۔

لگژری اشیا پر پابندی سے درآمدات پر کوئی خاص فرق نہیں پڑیگا

حکومت نے معاشی زوال پذیری کا راستہ روکنے کیلئے قدم اٹھاتے ہوئے تقریبا تین درجن لگژری اشیا کی درآمد پر پابندی عائد کردی ہے

لگژری اشیا کی درآمد پر پابندی بظاہر ایک مقبول قدم ہوتا ہے مگر اس سے نہ تو درآمدی بل کے حجم میں کوئی خاص کمی آتی ہے، نہ کرنسی مستحکم ہوتی ہے

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) حکومت کی جانب سے لگژری اشیا پر پابندی سے درآمدات پر کوئی خاص فرق نہیں پڑے گا۔ حکومت نے معاشی زوال پذیری کا راستہ روکنے کیلئے قدم اٹھاتے ہوئے تقریبا تین درجن لگژری اشیا کی درآمد پر پابندی عائد کردی ہے جن میں گاڑیاں، موبائل فون، گھریلو استعمال کی اشیا اور تیار خوراک شامل ہے۔ لگژری اشیا کی درآمد پر پابندی بظاہر ایک مقبول قدم ہوتا ہے مگر (بقیہ نمبر 36)

کراچی' پی ٹی آئی کے رہنما تحریک التواجع کرانے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے

وادی نیلم میں گھر سے خاتون اور 3 بچوں کی لاشیں برآمد

وادی نیلم (مانیٹرنگ ڈیسک) آزاد کشمیر وادی نیلم میں گھر سے خاتون اور 3 بچوں کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس نے تمام لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کردیں، تاہم اب تک اموات کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی۔ ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (بقیہ نمبر 54)

مشرف دور میں ختم کئے گئے ویلتھ ٹیکس ایکٹ کو بحال کیا جائے' مطالبہ

قرضوں کی بجائے خودانحصاری کی پالیسی لائی جائے' مقررین کا خطاب

لاہور (ہادی حسین) حکومت ٹیکس آمدن میں دوگنا اضافہ کرنے کیلئے مشرف دور میں ختم کئے گئے ویلتھ ٹیکس ایکٹ 1963 کو بحال کرے، ویلتھ ٹیکس (بقیہ نمبر 43)

حکومت نے لاپتہ افراد کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی، اعظم نذیر تارڑ چیئرمین ہونگے

کمیٹی اپنی رپورٹ وفاقی کابینہ کو پیش کریگی اور وزارت داخلہ کمیٹی کو سیکریٹریٹ مہیا کریگی

اسلام آباد (حمزہ لطیف) حکومت نے لاپتہ افراد کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کمیٹی کے چیئرمین ہوں گے۔ پیر کو وزارت داخلہ کی (بقیہ نمبر 44)

عمران خان اور آصف زرداری نے لیک آڈیو کی تردید نہیں کی

عمران خان اور زرداری صاحب کی لیک آڈیو کو درست سمجھتا ہوں' مراد علی شاہ

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ نہ عمران خان اور نہ ہی آصف زرداری نے لیک آڈیو کی تردید کی ہے۔ عمران خان اور زرداری صاحب کی لیک آڈیو کو درست سمجھتا ہوں۔ عمران خان اور زرداری صاحب نے آڈیو کی تردید نہیں کی۔ عمران خان تقریر میں اسلامی ٹچ دیتے ہیں کلمہ پڑھ کر کہہ دیں کہ (بقیہ نمبر 40)

اہلیہ ریحام خان کو ٹوئٹر پر سابق شوہر عمران خان کا نام نہ لینے کا مشورہ

بہترین مشورہ ہے، ہمیں عمران خان کیلئے ہر جگہ پی ایم اور ایف ایم مینشن کرنا چاہیے، ریحام کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی سابقہ اہلیہ ریحام خان کو ٹوئٹر پر ان کے سابق شوہر کا نام نہ لینے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ٹوئٹر پر ریحام (بقیہ نمبر 53)

یکم جولائی سے بجلی مہنگی ہونے کا امکان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) یکم جولائی سے بجلی کی قیمت میں 8 روپے فی یونٹ تک اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع وزارت توانائی کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافہ بنیادی ٹیرف کی مد میں کیا جائے گا، اضافے کا فیصلہ 10 بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی (بقیہ نمبر 55)

پریس کلب میں عورت فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن منہاج رحمان سندھ ہیومن رائٹس کیساتھ معاہدے کے حوالے سے پریس کانفرنس کررہی ہیں

سرگودھا' بھینس چوری اور اراضی تنازعہ پر فریقین کے درمیان فائرنگ سے محنت کش قتل اور چار افراد شدید زخمی

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) بھینس چوری اور اراضی تنازعہ پر فریقین کے درمیان فائرنگ سے محنت کش قتل اور چار افراد شدید زخمی ہوگئے جن کو ہسپتال منتقل کرکے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد (بقیہ نمبر 37)

دعا زہرہ کو پیش نہ کرنے پر سندھ ہائی کورٹ نے آئی جی کو کام سے روک دیا

عدالت نے دعا زہرہ کو پیش نہ کرنے کی صورت میں آئی جی سندھ کیخلاف سخت کارروائی کا عندیہ دیا تھا

کراچی (اے ایف پی) سندھ ہائی کورٹ نے دعا زہرہ کو پیش نہ کرنے پر آئی جی سندھ کامران فضل کو کام سے روک دیا۔ سندھ ہائی کورٹ میں دعا زہرہ کے مبینہ اغوا سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالتی حکم کے باوجود پولیس دعا زہرہ کو پیش کرنے میں ناکام رہی۔ عدالت نے آئی جی سندھ کامران فضل کو کام سے روکتے (بقیہ نمبر 41)

بلوچستان بلدیاتی انتخابات، آزاد امیدواروں کی واضح اکثریت

بلوچستان کے 32 اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کے نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے

سرکاری اور غیر حتمی نتائج کے مطابق 1487 آزاد امیدواروں نے میدان مار لیا ہے

بلوچستان (نمائندہ خصوصی) بلوچستان کے 32 اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کے نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے، مختلف شہروں میں فاتح امیدواروں کے حامیوں نے جشن منایا، مٹھائیاں تقسیم، ڈھول کی تھاپ پر علاقائی رقص کیے۔ غیر سرکاری اور غیر حتمی نتائج کے مطابق 1487 آزاد امیدواروں نے میدان مار لیا ہے، جمعیت علما اسلام ایف دوسرے اور حکمران جماعت بلوچستان عوامی پارٹی تیسرے نمبر پر جبکہ نیشنل پارٹی 100، بی کے میپ 88، بی این پی 79، پیپلز پارٹی 58 نشستوں پر کامیاب ہوئی ہے۔ بی این پی عوامی 43، اے این پی 24، تحریک انصاف 23، جمہوری وطن پارٹی 18، مسلم لیگ ن 15 (بقیہ نمبر 56)

غیر ملکی سازش سے مسلط کی گئی امپورٹڈ حکومت میں پاکستان تبدیل ہوگیا، عمران خان

اسلام آباد (حمزہ لطیف): پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ بیرونی سازش سے مسلط کی گئی حکومت نے پاکستان کو ہمیشہ کے لئے تبدیل کردیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے ٹوئٹ میں کہا کہ میں نے 26 مئی کی رات (بقیہ نمبر 45)

نیب ترمیمی بل اور الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظوری کے لئے صدر مملکت کو ارسال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار): نیب ترمیمی بل اور الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظوری کے لئے صدر مملکت عارف علوی کو بھجوا دیئے گئے ہیں۔ قومی اسمبلی سے منظور کردہ انتخابات ترمیمی بل اور نیب ترمیمی بل 2022 وزارت پارلیمانی امور نے اب صدر پاکستان (بقیہ نمبر 46)

اعظم سواتی نے وزیراعظم کیخلاف اندراج مقدمہ کی درخواست جمع کروادی

درخواست میں رانا ثنااللہ، آئی جی اسلام آباد، رینجرز آپریشن ہیڈ کیخلاف کارروائی کی استدعا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ میں شرکا پر تشدد کے معاملے پر سینیٹر اعظم سواتی نے وزیراعظم کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کر دی۔ سینیٹر اعظم سواتی کی جانب سے درخواست تھانہ سیکرٹریٹ میں درخواست جمع کرائی گئی۔

وزیراعلی پنجاب نے 3 ڈی آئی جیز کو پنجاب سے ریلیو کرنے سے انکار کردیا

لاہور (ہادی حسین) وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز نے 3 ڈی آئی جیز کو پنجاب سے ریلیو کرنے سے انکار کر دیا۔ پنجاب حکومت نے وفاق کو چھ ڈی آئی جیز کو وفاق بھیجنے کا خط لکھا تھا، وزیراعلی پنجاب حمزہ (بقیہ نمبر 38)

شیریں مزاری گرفتاری، وفاقی حکومت کا جوڈیشل کمیشن بنانے کا اعلان، جواب ہائی کورٹ میں جمع

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) وفاقی حکومت نے سابق وزیر شیریں مزاری کی گرفتاری کے معاملے پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں جواب جمع کرادیا جس میں بتایا گیا کہ شیریں مزاری کی گرفتاری پر جوڈیشل کمیشن آج پیر کو ہی بنادیا جائے گا۔ شیری (بقیہ نمبر 39)

جناح ہسپتال میں رکن سندھ اسمبلی شازیہ کریم پی ایس ایف کے زخمی کارکن کی عیادت کررہی ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آبی بحران کا خطرناک چیلنج

پاکستان آبی بحران کے سنگین خطرے سے دوچار ہے۔ صورت حال یہ ہے کہ اس سال تربیلا اور منگلا میں پانی کی سطح میں رکارڈ کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ پانی کی تقسیم کے قومی ادارے ارسا کی طرف سے جاری کیے جانے والے اعداد وشمار کے مطابق ملک میں پانی کی قلت 40 سے 50 فیصد تک پہنچ چکی ہے جسے چاروں صوبوں پر تقسیم کیا جائے گا۔ اس سال دریاؤں میں آنے والے پانی کی مقدار بھی کم ہوئی ہے، پہاڑی علاقوں میں گلیشئرز کے نہ پگھلنے کی وجہ سے مئی کے آخر میں بھی دریاؤں میں پانی کی مقدار کم ہے۔ تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ منگلا اور تربیلا میں سلٹ کی وجہ سے پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش بھی کم ہو چکی ہے۔ اس کمی کا اندازہ یوں لگایا جا سکتا ہے کہ تربیلا میں پانی کی گنجائش 9.6 ملین ایکڑ فٹ پانی سے 6 ملین ایکڑ فٹ تک رہ گئی ہے۔ کم وبیش یہی صورتحال منگلا ڈیم کی گنجائش کے ساتھ ہے، حقیقت یہی ہے کہ دیا میر بھاشا ڈیم کی تعمیر تک پاکستان کو پانی کی ذخیرہ بندی کے معاملے میں سخت مسائل کا سامنا رہے گا۔ پانی کمیابی کے اسباب میں نمایاں ترین ماحولیاتی تبدیلیاں ہیں، تشویش ناک حالات یہ ہیں کہ جن علاقوں میں نمی کا تناسب زیادہ ہے وہاں آب وہوا میں نمی بڑھ رہی ہے۔ یعنی ملک کے بالائی علاقوں میں درجہ حرارت کم ہو رہا ہے جس کی وجہ سے گلیشئر نہیں پگھل رہے، پانی نیچے نہیں آ رہا جس کی وجہ سے ردریاؤں میں پانی کی مقدار 20 فیصد تک کم ہو چکی ہے۔ اسی طرح ملک کے جن حصوں میں خشکی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے وہاں موسم کی خشکی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ یوں میدانی علاقوں میں نمی کا تناسب کم ہونے سے زرعی زمین توڑ پھوڑ کا شکار ہے اور زیرزمین پانی کی سطح مسلسل کم ہو رہی ہے۔ حالت یہ ہے کہ زمین میں نمی کی کمی سے کاشت کاروں کو پانی کی معمول سے زیادہ ضرورت پیش آ رہی ہے جبکہ دریاؤں کی روانی میں کمی اور آبی ذخائر کی گنجائش کم پڑنے سے پانی کی مطلوبہ مقدار بھی دستیاب نہیں ہے۔ اس صورتحال کا دوسرا اور انتہائی پریشان کن پہلو یہ ہے کہ آبی ذخائر کی قلت اور قومی مفاد میں اقدامات اٹھانے کی تاخیر کی وجہ سے پاکستان اوسطاً ایک سال میں 21 ارب ڈالرز کا پانی سمندر برد کر دیتا ہے۔ جب پانی ضرورت سے زیادہ آئے جائے یا بھارت کی جانب سے پانی چھوڑ دیا جائے تو سیلاب کی شکل میں ملکی معیشت، سماجی نظام اور انسانی آبادیوں و زندگی کو الگ سے ناقابل تلافی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اسلامی تاریخ سے بااختیار مسلم خواتین؟

پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں، مسلمان خواتین ہمیشہ خود کو تعلیم دینے اور اپنا زیادہ تر

تحریر۔۔۔تنزیلہ تاثیر

وقت سیکھنے میں ہی لگایا کرتی تھیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی بیوی، خدیجہ الکبریٰ ایک کامیاب تاجر اور کاروباری خاتون تھیں جو انتہائی دولت مند تھیں کیونکہ اس نے مردانہ تسلط والے معاشرے میں مکمل فضل اور وقار کے ساتھ اپنے کاروبار کو بڑی صلاحیت کے ساتھ جاری رکھا۔ یہ تمام پہلو ممکن نہ ہوتے اگر خدیجہ نے کاروبار کے ہنر سیکھنے اور خود کو تعلیم دینے کی کوشش نہ کی ہوتی۔ اسلامی تاریخ کی دیگر مثالی شخصیات کے ناموں میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا شامل ہیں جو مومنین کی ماں کے طور پر جانی جاتی ہیں، خنساء، ایک عظیم شاعرہ جو کہ عربی ادب کی آج تک کی بہترین کلاسیکی شاعروں میں سے ایک ہیں، فاطمہ الفہری جو کہ 9ویں صدی میں فیز، مراکش میں قراوین مسجد کی بنیاد رکھی، جو تعلیم اور ترقی کا ایک اہم مرکز بن گئی، اور زینب الشہداء، ایک مشہور فقہ (اسلامی قانون) کی اسکالر، استاد، اور 12ویں صدی کی مشہور خطاط تھیں۔ نبوت کے زمانے سے لے کر اب تک نامور خواتین کی بہت سی مثالیں موجود ہیں جنہوں نے تعلیم کو اپنے معاشروں کو بہتر بنانے اور اس میں شراکر داری کے لیے بطور آلہ استعمال کیا۔ ماضی کی مسلم خواتین متاثر کن رہی ہیں۔ انہوں نے تاریخ میں کئی سنگ میل حاصل کیے ہیں۔ عصر حاضر میں بھی مسلم خواتین تعلیم، سائنس، قانون وغیرہ جیسے مختلف شعبوں میں بہت سے معیارات قائم کرنے میں کامیاب رہی ہیں، حالانکہ مذہب، غیرت یا سیاست کے نام پر انہیں بار بار موہرے کے طور پر استعمال کیا گیا۔ لیکن موجودہ دور میں ان کو دی جانے والی تعلیم کی وجہ سے اس میں کمی آئی ہے۔ معیشت کے ذریعے تخلیق کردہ پیشہ ورانہ کرداروں کی تکمیل فرد کا واحد مقصد نہیں ہے۔ بلکہ، بنیادی مقصد فرد اور بالآخر کمیونٹی کو بااختیار بنانا اور بہتر بنانا ہے۔ مسلم خواتین کو ان کی نقل وحرکت پر پابندی لگائے بغیر تعلیم اور کام کرنے کے مساوی حقوق دینا ضروری ہے۔ حجاب کیس کے بعد کچھ والدین نے بیان دیا ہے کہ وہ اپنی بیٹیوں کو بغیر حجاب کے اسکول یا کالج جانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ بیوی خدیجہ (پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی) ایسی حرکتوں/بیانات سے مایوس ہو سکتی ہیں۔ اگر کوئی مسلمان لڑکی تعلیم حاصل کرنے کا انتخاب کرتی ہے تو اسے اس کی پسند کے طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے۔ بااختیار بنانے کے اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے، مسلم خواتین کو تعلیم حاصل کرنے کے لیے بھرپور طریقے سے اور عزم کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے، کیونکہ بااختیار بنانا خواتین کو ان کے منتخب کردہ عقائد کے نظام کے مطابق کام کرنے کی اجازت دینے کا عمل ہے، نہ کہ ان پر قائم کردہ۔

زیادتی کے خلاف آواز اٹھاؤ

از اقراء وحید اللہ

اکثر لوگ مجھے feminist کہتے ہیں۔ کیونکہ اک دو آرٹیکل میں، میں نے عورتوں کے ساتھ ہونے والی زیادتی کے بارے میں بات کی تھی۔ عورتوں کے لیے آواز اٹھانے والوں کو اگر feminist کہتے ہیں تو ٹھیک ہے میں ہوں feminist. میں ہر بار کی طرح کہوں گی کہ عورتوں کو ہمیشہ کیوں قصوروار ٹھہرایا جاتا ہے۔ جیسے میں پہلے بتا چکی ہوں کے قرآن مجید میں عورتوں کو پردے کا حکم بعد میں آیا اس سے پہلے مردوں کو اپنی نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم آیا ہے۔ لیکن افسوس یہ بات بہت کم لوگ جانتے ہیں اور جو جانتے بھی ہیں وہ بھی نظرانداز کر دیتے ہیں۔ مجھے نہیں معلوم کہ feminism ہوتا کیا ہے۔ لیکن عورت مارچ پر جو feminist نکل کر "اپنا کھانا خود گرم کرو" اور "مجھے کیا معلوم موزہ کہاں ہے" کا نعرہ لگاتے ہیں میں ان لوگوں اور اس قسم کے نعروں کے سخت خلاف ہوں۔ جب بیوی ہی شوہر کی ضرورتوں کا خیال نہیں رکھے گی، تو مرد کو شادی کی کیا ضرورت پھر؟ مرد پیسوں سے کام والی بھی رکھ سکتے ہیں۔ لیکن کام والی کام کریں گی۔ جو کام بیوی محبت سے کرے گی اور جو کام والی کریگی اس میں بہت فرق ہے۔ جس معاشرے میں، میں پلی بڑھی ہوں وہاں شوہروں کے سارے کام اسکی عورت محبت اور چاہت سے کرتی ہیں۔ اور کوئی کام کریگی یا نہیں اپنے شوہر کا کام وہ خوشی خوشی کرتی کسی اور کو کرنے نہیں دیتی پھر چاہے وہ اسکے شوہر کی ماں ہو یا بہن وہ اپنے شوہر کا کام کسی کو نہیں کرنے دیتی۔ جب مرد دن بھر محنت مزدوری کر کے تھکا ہارا آ جائے تو اسکو گرم کھانا بھی نہیں مل سکتا کیا؟ جب مرد عورت کی ساری خواہشات پوری کر سکتا ہے تو عورت بدلے میں یہ چھوٹے موٹے کام نہیں کر سکتی کیا؟ عورتوں کو حقوق دلانے ہیں تو اسکے تعلیم کے لئے آواز بلند کرو، اس پر ہونے والی زیادتی کے خلاف آواز اٹھاؤ۔

انا کی جنگ

چراغِ شب

عمران خان بوڑانہ
imkq786@gmail.com

جب معاشرتی، ملی، ملکی یا خانگی مسائل پر ایک نگاہ دوڑائی جائے تو جہاں دیگر وجوہات سامنے آتی ہیں ان میں ایک وجہ انا ہے۔ جب انسان معاشرے اور دیگر معاملات زندگی سے کٹ کر فقط اپنی پوجا پاٹ میں لگ جائے مطلب انا کے گھوڑے کو سرپٹ دوڑائے اور انا کی دھن اور ہٹ دھرمی کے پرخطر راستوں پہ چلتا رہے۔ انا کا پجاری ہر بات منوانے کے چکر میں دوسروں کے احساسات کا خون کرنے میں، ان کی پگڑی اچھالنے میں اور الزام تراشی کرنے میں تہذیب انسانی کی تمام حدود پار کر جاتا ہے۔ سچ پوچھیے تو اس وقت مملکت خداداد پاکستان اور اس میں بسنے والے عوام بھی اس عذاب کو بھگت رہے ہیں۔ من حیث القوم ہماری حالت بڑی ناگفتہ بہ ہو چکی ہے۔ انا اور ہٹ دھرمی ایک ایسا ناسور ہے جو پہلے ایک یعنی انفرادی انسان میں بگاڑ پیدا کرتا ہے، آہستہ آہستہ اس کے اثرات ارد گرد کے ماحول کو مکدر کر دیتے ہیں۔ انا کا پجاری اپنی ہر بات کو حرف آخر سمجھتا ہے۔ دوسروں سے مشاورت کرنا اسے اپنی توہین لگتا ہے۔ اسی انا کی وجہ سے دوستوں میں دوریاں، اپنوں میں نفرتیں اور غیروں میں پروپیگنڈے جنم لیتے ہیں۔ انا کا پجاری بسا اوقات تو پورے سسٹم کو تباہی کے اس دہانے پر لا کر کھڑا کرتا ہے کہ جس کو سنبھالا دینے کے لیے بڑے پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔ گھریلو جھگڑے اکثر انا کی وجہ سے ہی پیدا ہوتے ہیں۔ انا کے بیج بونے سے لے کر فصل کاٹنے تک کے تمام مراحل بہت ہی کٹھن، پرخطر اور پرفتن ہوتے ہیں۔ ہر بات پہ تم کہتے ہو کہ تو کیا ہے تمہی کہو یہ انداز گفتگو کیا ہے انا کا پجاری حالات وواقعات سے عبرت حاصل کرنے کی بجائے حالات میں کشیدگی پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔ اگر انسان انا کے بت کو پاش پاش کر کے اپنے آپ کو عجز و انکساری کے سانچے میں ڈھال لے تو تمام مسائل حل کیے جا سکتے ہیں، معاشرتی بگاڑ کا رخ تخریب سے ہٹا کر تعمیر کی طرف موڑا جا سکتا ہے، بچھڑے ہوئے قریب لائے جا سکتے ہیں۔ ملک وقوم کے مفاد میں دیرپا اور ہوشربا فیصلے کیے جا سکتے ہیں، قومی و سیاسی یکجہتی کو فروغ دیا جا سکتا ہے، ڈوبتی کشتی کو کنارے لگایا جا سکتا ہے۔ لمحہ فکریہ ہے کہ ہم دعوے تو وطن سے محبت کے کرتے ہیں لیکن پس پردہ ڈرامے کا سین کچھ اور ہے۔ آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے۔ ہر کوئی اپنی غلطی اور کالے کرتوت چھپانے کے لیے اپنے آپ کو دودھ دھلا ثابت کرتا ہے اور اپنی غلطی دوسرے کے سر تھوپنا چاہتا ہے۔ اپنی انا کی خاطر دوسرے کے مطالبات وحقوق کے ساتھ کھلواڑ کرنا اور دوسروں کی توقعات پر پانی پھیرنا ایک ایسی ناانصافی وظلم ہے۔ جس کا حساب چکانا ہی پڑتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ کتنے ہی انا کے پجاری قدرت کی طرف سے تازیانہ عبرت کا نشانہ بنے اور اس دنیا میں ہی ان کی ناانصافی وظلم کا بھانڈا پھوٹا۔ فطرت افراد سے اغماض تو کر لیتی ہے مگر نہیں کرتی ہے ملت کے گناہوں کو معاف عصر حاضر میں اگر قوموں کے زوال کی جہاں دوسری وجوہات موجود ہیں وہاں ایک بڑی وجہ انا کی جنگ ہے۔ اس کی جیت کا دعویٰ کرنا ایک خواب تو ہو سکتا ہے لیکن حقیقت کبھی بھی نہیں۔ اپنی ذاتی تسکین اور اور خواہشات کی دھول میں اٹی وادی میں دوسرے کو مات کرنے کے چکر میں بے جا اور بلا سوچے سمجھے پیسہ خرچ کرنا اور اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرتے ہوئے دوسروں کا امن وسکوت برباد کرنا ایک ایسا پروپیگنڈا ہے جو نہ صرف ایک فرد یا جماعت کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے بلکہ اس کے تانے بانے مغربی جمہوریت تک جا پہنچتے ہیں۔ امریکہ و اسرائیل اس کام میں پیش پیش ہیں۔ افغانستان میں امریکی مداخلت ہو یا عراق میں خانہ جنگی، روس یوکرین جنگ ہو یا اسرائیل کی فلسطین کے معصوم شہریوں پہ گولہ باری ہو، کشمیر کے مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ ڈھائے جا رہے ہوں، الغرض ماضی میں ہونیوالی جنگوں کی شروعات سے لے کر اختتام تک سب یہی ظاہر کرتا ہے کہ انا کی اس جنگ میں سوائے کف افسوس کے کسی کو کچھ نہیں ملا۔ اس انا کی جنگ نے ملکوں کی معیشت برباد کر دی، لوگ غربت وافلاس کی چکی میں پستے پستے جان کی بازی ہار گئے لیکن انا کی جنگ کا دائرہ وسیع ہوتا گیا۔ اب تو ایسے لگ رہا ہے آنے والا وقت انا کی اس جنگ کو وہاں تک پہنچا دے گا کہ انسان بے بسی کے عالم میں پانی جو کہ انسانی زندگی کی بقاء کا اہم جز ہے کو حاصل کرنے کے لیے اتنا بے تاب ہوگا کہ شاید دوسری اشیائے ضروریہ کو حاصل کرنے کے لیے اتنا بے تاب نہ ہو۔ انا کی جنگ کا عالمی پروپیگنڈا جس نے مغرب کی کوکھ سے جنم لیا ہے اب اس کا قد کاٹھ اتنا بڑا ہو گیا ہے کہ دیگر پروپیگنڈوں کے جمگھٹوں میں جہاں یہ اتحاد مسلم کی صفوں میں انتشار ڈالنے میں کامیاب ہوا ہے، وہاں یہ ایسے لوگوں کو پروموٹ کرنے میں کامیاب ہوا ہے جو قیام پاکستان سے لے کر تا حال پاکستان، مسلمانوں اور اسلام مخالف پروپیگنڈے میں مصروف ہیں وہ بھی گرگٹ کی طرح رنگ بدل بدل کر۔ وہ ہیں قادیانی جن کی پشت پناہی یہود و ہنود کر رہے ہیں یہی وہ مرتد، زندیق اور کائنات کے بدترین کافر ہیں جو پاکستان اور عالم اسلام کے خلاف ہونیوالی ہر سازش کا حصہ اور صیہونی قوتوں کا مہرہ خاص ہیں۔ اس انا کی جنگ کا مقابلہ کرنے کے لیے اور مغربی جمہوریت کے رد کے لیے ان سنہری اصولوں کو وطیرہ حیات بنانا ضروری ہے جن کی بنیاد آج سے چودہ سو سال پہلے خاتم النبیین، تاجدار کائنات، سید الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھی۔ پوری امت مسلمہ کے لیے اسی میں نجات ہے اور یہی وہ واحد راستہ ہے۔ جس پہ عمل پیرا ہو کر مغربی طاقتوں کے گھناؤنے عزائم کا قلع قمع کیا جا سکتا ہے۔ قلندر لاہوری مفکر پاکستان، حضرت علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے اس کی کیا خوب ترجمانی کی ہے۔

جلال پادشاہی ہو یا جمہوری تماشا ہو
جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

آپ نے ہمارے لیے کیا کیا ہے؟



تحریر: اعجاز علی ساغر

میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ یہ ادب اور کتابوں کی آخری صدی ہے شاید اس کے بعد دونوں کا وجود نہ رہے ہو سکتا ہے کہ میں غلط ہوں مگر زمینی حقائق یہی ہیں کہ اب ہمارے معاشرے سے ادب و احترام اور کتابوں کا مطالعہ آہستہ آہستہ ختم ہوتا جاتا ہے میں اپنے ہم عمروں کو کہتا ہوں کہ شاید ہم ادب کی آخری نسل ہوں کیونکہ نئی جنریشن ان تمام چیزوں سے دور ہوتی جا رہی ہے میرے کالم کا عنوان تو والدین اور اولاد کے حوالے سے ہے لیکن موجودہ دور کی جنریشن اور ہمارے یا ہم سے پہلے کی اولادوں کا موازنہ ضروری ہے۔ میں اپنے گاؤں کے ایک دو واقعات کا یہاں ذکر کرنا ضروری سمجھوں گا کہ وہ اولادیں تو والدین کو کہتی ہیں کہ آپ نے ہمارے لیے وراثت میں کچھ نہیں چھوڑا اور ہمیں آسائشیں نہیں دیں ان کو سمجھانے کی خاطر یہ تحریر لکھنے جا رہا ہوں تاکہ والدین جو اپنی اولاد کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرتے جب ان کی اولادیں بڑی ہو جاتی ہیں تو ماں باپ کیساتھ برا سلوک کرتی ہیں اور انہیں طعنے دیے جاتے ہیں۔ ہمارے گاؤں میں چاچا مولا بخش نامی ایک کمہار رہتا تھا جو بہت ہی غریب تھا اسکی 6 بیٹیاں اور دو بیٹے تھے وہ انتہائی غریب تھا مٹی کے برتن بنا کر اور بیچ کر وہ اپنی گزر بسر کرتا اس کا بڑے بیٹے کا نام بیٹا للہ دتہ اور چھوٹے کا نام کاشف تھا بڑے بیٹے کو پڑھنے کا بہت شوق تھا لیکن غربت کی انتہا ہونے کی وجہ سے دو وقت کی روٹی پوری کرنا مشکل تھا چاچا مولا بخش کو بھی اپنے بچوں کو پڑھانے کا بہت شوق تھا ایک دن چاچا مولا بخش، ان کی بیوی اماں جنتاں اور 4 بڑی بیٹیوں نے مل کر یہ فیصلہ کیا کہ ہمیں چاہے جو کرنا پڑے ہم للہ دتہ کو پڑھائیں گے جب وہ پڑھ لکھ جائے گا تو اسکی نوکری لگ جائے گی اس طرح ہماری غربت دور ہو جائے گی (پاکستان کے دیہی علاقہ جات میں تعلیم کو جاب کیساتھ منسوب کیا جاتا ہے کہ بیٹا پڑھ لکھ کر نوکری کرے گا تو ہماری غربت دور ہو گی) لہٰذا چاچا مولا بخش اور ان کی بیوی اماں جنتاں نے دن رات ایک کر دیا جبکہ للہ دتہ کی بہنوں نے بھی کھیت کھلیان میں دن رات کام کر کے اپنے بھائی کو پڑھانے کا بیڑہ اٹھا لیا۔ للہ دتہ پرائمری سکول سے مڈل اور مڈل سے ہائی پہنچ گیا مگر ماں باپ اور بہنوں کا جذبہ کم نہ ہوا وہ کالج اور پھر کالج سے یونیورسٹی کا سفر شروع ہو گیا للہ دتہ کی بہنوں کی شادیوں کی عمریں گزرتی جا رہی تھیں اور ان کی جوانی ڈھل رہی تھی اب ماں باپ کو ان کی شادی کی فکریں پڑ گئیں یہ فکریں تو ان کی جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی پڑ گئیں تھیں مگر حالات نے اجازت نہیں دی خیر آہستہ آہستہ سب کے رشتے ہونے لگے۔ ادھر للہ دتہ نے گریجویشن مکمل کر لی اب ماں باپ کو اس کی نوکری کی فکر پڑ گئی لہٰذا وہ اپنے علاقے کے وڈیروں کے پاس اس کی نوکری کیلئے جانے لگے کبھی کسی کی منت تو کبھی کسی کی، بالآخر ایک وڈیرے کی مہربانی کی وجہ سے للہ دتہ کو سرکاری نوکری بھی مل گئی کیونکہ چاچا مولا بخش کئی دو تین نسلوں سے اس وڈیرے کے کمی تھے (کمی پنجابی زبان میں خدمت گزار کو بولتے ہیں دوسرا کمی چھوٹی ذات کے لوگوں کو بھی بولتے ہیں) للہ دتہ کو نوکری ملنے کے بعد اس کے والدین پورے گاؤں والوں میں مٹھائی بانٹی اور خوشی سے بتایا کہ ہمارے بیٹے کی نوکری ہو گئی ہے پورا گاؤں خوش تھا کہ چلو شکر ہے للہ دتہ کی جاب ہو گئی اب چاچا مولا بخش کی غربت دور ہو جائے گی اس وقت ہمارے گاؤں میں یہ دوسری سرکاری جاب ہوئی تھی خیر وقت گزرنے لگا ماں باپ کو اب للہ دتہ کی شادی کی فکر پڑ گئی لہٰذا جلد ہی ایک اچھا رشتہ دیکھ کر للہ دتہ کی شادی کر دی گئی شادی کے کچھ ماہ تو معاملات ٹھیک چلتے رہے لیکن بیٹے کی پسند پڑھی لکھی بہو نے جلد ہی اس گھر کی امید اور سہارے کو ماں باپ، بہنوں اور بھائی سے جدا کر دیا اور للہ دتہ بیوی کو لیکر شہر شفٹ ہو گیا۔ یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب میں تھوڑا تھوڑا ہوش سنبھال رہا تھا بعد میں تعلیم کے سلسلے میں مجھے بھی شہر شفٹ ہونا پڑا کیونکہ گاؤں میں صرف مڈل تک کا ایک سکول تھا جبکہ شہر میں دو تین کالج تھے جو ہمارے گاؤں سے 45,50 کلومیٹر دور تھے۔ تعلیم کے دوران ہی میں نے میڈیا جوائن کر لیا اس وقت نئے نئے پرائیویٹ نیوز چینل اور اخبارات کی اوپننگ ہو رہی تھی وقت گزرتا رہا میں جھنگ سے اسلام آباد آ گیا۔ گاؤں کا چکر تو تواتر سے لگتا رہا لیکن چاچا مولا بخش کے گھر گئے سالوں بیت گئے جیسے میں بس سٹاپ سے اتر کر گھر کی طرف روانہ ہوا تو رستے میں اماں جنتاں مل گئیں (اماں جنتاں کا گھر رستے میں پڑتا تھا اور بس اسٹاپ آتے جاتے اس گھر پر نظر پڑتی رہتی تھی لیکن اب وہ گاؤں میں بھی جدت آ چکی ہے اب کوئی کسی کے گھر نہیں جاتا) اماں جنتاں نے پہلے تو نہیں پہچانا لیکن جب میں نے اپنا بتایا تو مجھے گلے لگا لیا اور رونے لگیں کہ بیٹا بہت عرصے بعد ملاقات ہوئی ہے آپ ہمارے گھر آتے ہی نہیں۔ خیر وہ گھر لے گئیں ویرانیاں اس گھر کو گھیرے ہوئی تھیں چاچا مولا بخش فوت ہو چکے تھے اماں سے میں نے للہ دتہ اور کاشف کا پوچھا اماں نے ایک سرد آہ بھری اور کہا کہ اب للہ دتہ گھر نہیں آتا اس کو سالوں بیت گئے ہیں وہ ہم سے بالکل کنارہ کش ہو چکا ہے کاشف (جو کہ مڈل تک میرا کلاس فیلو تھا) بھی غربت کی وجہ سے نہیں پڑھ سکا وہ محنت مزدوری کرتا ہے جس سے ہمارا پیٹ پلتا ہے دو جوان بیٹیوں کی شادی کرنی ہے لیکن حالات آج بھی وہیں ہیں جہاں پہلے تھے۔ میں نے پوچھا اماں للہ دتہ کی کوئی ترقی ہوئی؟ یکدم اماں جنتاں کے چہرے پر خوشی کے تاثرات ابھرے اور آنکھوں میں نمی سی آ گئی بولیں بیٹا اب للہ دتہ میجر بن گیا ہے اس کی اپنی گاڑیاں ہیں راولپنڈی میں کوٹھیاں ہیں بہت امیر ہو گیا ہے میرا بیٹا پھر چادر کا پلو پھیلایا اور رب سے دعا مانگنے لگیں کہ یا اللہ میرے للہ دتہ کو اور زیادہ رنگ بخت لگانا اسے ترقیاں دینا۔ میں بھیگی آنکھیں لیے گھر روانہ ہوا۔ اس بات کو چار پانچ سال گزر چکے ہیں پچھلے سال اماں جنتاں بھی فوت ہو گئی ہیں پتہ نہیں آج کا اے ڈی ملک ماں کے جنازے میں بھی پہنچا ہوگا یا نہیں؟ کیونکہ والد کے جنازے اور تدفین میں موصوف نہیں گئے تھے۔ پچھلے دنوں اپنے بچوں کے ساتھ گھر سے اسلام آباد کیلئے روانہ ہوا تو رستے میں میری بڑی بیٹی جو کہ اڑھائی سال کی ہے کی طبیعت خراب ہو گئی اس سے پہلے کہ ہوسٹس شاپر دیتی اس نے الٹی کر دی میں نے یکدم ہاتھ آگے کر دیا اور اس کی الٹی اپنے ہاتھوں پر ہی کروا لی میرے سارے کپڑے خراب ہو گئے خیر اس کو صاف کیا اور ہم گھر پہنچ آئے رات کو جب میں لیٹا تو للہ دتہ والی اسٹوری میرے ذہن پر آ گئی اور پھر میرا خیال اپنی بیٹی کی طرف چلا گیا کہ جب یہ بڑے ہو جاتے ہیں تو پھر والدین کو طرح طرح کی باتیں سناتے ہیں اپنے لیے سب کچھ قربان کر دینے والے ماں باپ کو مارنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ میرے ایک کلاس فیلو جو بہت ہی غریب تھے اس کے والد بڑھی لگاتے تھے جبکہ والدہ بھی کھیت کھلیان میں محنت کر کے ان کیلئے روزی روٹی کماتی سخت سردیوں کے دن تھے ان کی والدہ صبح بیچاری بچوں کا ناشتہ بنا کر کپاس چننے کیلئے جاتیں اور مغرب کے وقت سردی سے ٹھٹھرتی ٹھٹھرتی واپس آتیں ان کا معمول تھا کہ وہ گاؤں سے پانچ کلومیٹر پیدل جاتیں اور واپس بھی پیدل آتیں۔ ان کا معمول تھا کہ وہ ہر روز واپسی پہ پانچ یا دس روپے کا گڑیا چینی والا مرنڈا بچوں کیلئے لازمی لاتیں اور بچوں کو بھی ماں کا انتظار رہتا تھا کہ وہ ہمارے لیے کچھ نہ کچھ لائیں گی ایک دن اپنے دوست سے ملنے ان کے گھر گیا تو ان کی والدہ سارے دن کی تھکی ہاری واپس آئیں سب بچوں نے یک زبان پوچھا اماں ہمارا مرنڈا لائی ہو وہ مسکرائیں اور اپنی چادر کے پلو میں بندھا مرنڈا مجھ سمیت سب بچوں کو دیا۔ ایک دن میں نے ان سے پوچھا اماں آپ اتنا سفر پیدل جاتی ہیں اور پھر سارا دن محنت مزدوری کر کے واپس پیدل آتی ہیں آپ آتے جاتے پانچ پانچ رکشے والے کو کرایہ دیکر رکشے پر کیوں نہیں آتیں جاتیں تب انہوں نے جو الفاظ کہے وہ آج بھی مجھے یاد ہیں کہ بیٹا جو پیسے میں کرائے میں لگاؤں گی انہی پیسوں سے اپنے بچوں کیلئے کھانے کی چیزیں لے آتی ہوں جب گھر آتی ہوں تو میرے بچوں کو انتظار ہوتا ہے کہ آج ہماری ماں کچھ نہ کچھ لائے گی جس رات نہیں لاتی اس رات ساری رات بچے سوال کرتے ہیں کہ اماں آج مرنڈا کیوں نہیں لائیں اب ان کو تو نہیں پتہ کہ آج ان کی ماں کو مزدوری نہیں ملی۔ یہ اسٹوریاں صرف دیہاتی بچوں کی ہیں شہروں میں تو اس سے بھی برا حال ہے والدین کے پاس جو کچھ بھی ہوتا ہے وہ اپنا سب کچھ اپنی اولاد پر لٹا دیتے ہیں اور بچے جب کچھ بن جاتے ہیں تو اسی ماں باپ سے کنارہ کشی اختیار کر لیتے ہیں۔ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ اولاد خاص کر بیٹے شادی کے بعد ماں باپ سے الگ ہو جاتے ہیں اور پھر وہی ماں باپ رات کو منہ پر بستر لیے زار و قطار روتے ہیں یہاں آپ کو جگہ جگہ ایسے للہ دتہ ملیں گے۔ آج کی نئی جنریشن سے میری اپیل ہے کہ خدا کے واسطے اپنے والدین کا خیال رکھیں بیوی اور بچوں کے حقوق اپنی جگہ لیکن پلیز ان والدین کے حقوق ضرور ادا کریں جن کی بدولت آپ آج اس مقام تک پہنچے ہیں۔ گریجویشن کے دوران ہمارے انگلش کے پروفیسر ریحان خلیل صاحب ایک شعر سنایا کرتے تھے کہ کشمیر میں آ کر پڑھنے والے بھول گئے کس کی ماں نے کتنا زیور بیچا تھا۔ آج کی اولاد والدین کا ادب کریں اور ان کی تمام ضروریات کا خیال رکھیں ہمارے والدین کے پاس ہمیں دینے کیلئے ان کی زندگی تھی جو انہوں نے ہم پر صرف کر دی۔ والدین سے اپیل ہے کہ آج کی اولاد آپ کے زمانے کی نسبت ایڈوانس ہے لہٰذا ان سے اپنے دور کے خیالات زبردستی منوانے کی ضد نہ کریں اپنی اولاد کو دوستوں کی طرح ہینڈل کریں ہاں البتہ ادب و احترام کا دائرہ ان کو کراس نہ کرنے دیں کیونکہ جوں جوں وقت گزرے گا یہ فرق بڑھتا جائے گا مولا علی علیہ سلام کا فرمان عالیشان ہے کہ اپنی اولاد کی تربیت اپنے زمانے کے مطابق نہیں بلکہ آنیوالے وقت کے حساب سے کریں تاکہ زمانے کی بھاگ دوڑ میں کہیں وہ پیچھے نہ رہ جائے۔ خداوند کریم میرے والدین سمیت جن جن کے والدین وفات پا چکے ہیں ان کے درجات بلند فرمائے اور جن کے والدین حیات ہیں ان کی عمریں دراز فرمائے۔ آمین

خوشگوار پرانی یادیں بھی درد کا مداوا ہو سکتی ہیں، تحقیق

بیجنگ (سی ایم لنکس) شاعروں نے یاد ماضی کو عذاب سمجھا ہے، جس میں کوئی شک بھی نہیں لیکن سائنس کہتی ہے کہ مثبت اور خوشگوار یادیں یا ناسٹیلجیا سے درد کی شدت کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اچھی اور دلچسپ یادوں سے دماغ کے اندر درد کی سرگرمی ماند پڑ سکتی ہے۔ چینی ماہرین نے اس کا انکشاف دماغی سرگرمیوں کی اسکیننگ سے کیا ہے اور اس کی روداد جرنل آف نیورو سائنس میں شائع کی ہے۔ چینی اکادمی برائے سائنس کے ماہرین نے کئی بالغ افراد کے دماغ کے فنکشنل (ایف) ایم آر آئی کیے۔ اس میں مختلف افراد کو یادوں سے وابستہ تصاویر دکھائی گئیں اور اس دوران دماغ میں درد کی ایک سرگرمی تھرمل اسٹیمولائی کو نوٹ کیا۔ اس میں بچپن، اسکول کی عمر اور لڑکپن کی تصاویر مثلاً اس وقت کا مشہور کارٹون، مقبول کھیل، کوئی ٹافی وغیرہ دکھائی گئی۔ ساتھ ہی آج کے دور کی مشہور تصاویر بھی دکھائی گئیں۔ اس پورے عمل کے دوران تمام رضا کاروں کے دماغ کا ایف ایم آر آئی سے جائزہ لیا گیا۔ ماہرین نے دیکھا کہ جب جب انہیں بچپن کی خوشگوار یادوں سے وابستہ تصاویر دکھائی گئیں تو ان کے دماغ میں درد کی شدت یا اس سے وابستہ مقام پر سرگرمی کم دیکھی گئی۔ قریباً تمام شرکا نے جدید تصاویر کے مقابلے میں ماضی کی یاد سے جڑی تصاویر دیکھ کر درد میں کمی کا اعتراف کیا اور اپنے سکون کا اظہار بھی کیا۔ اس ضمن میں پرانی یادوں کا سب سے مثبت اثر دیکھنے میں آیا۔ ڈاکٹروں کے مطابق خوشگوار یادوں سے وابستہ کوئی تحریر، تصویر یا ویڈیو وغیرہ دیکھنے سے دماغ کے دو حصوں کی سرگرمی کم ہوتی ہے۔ ان میں لیفٹ لینگول جائرس اور پیراہپوکیمپل جائرس شامل ہیں۔ یہ دونوں مقام درد محسوس اور پروسیس کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پھر اسی مقام سے تکلیف کا احساس آگے تک پہنچتا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اس طرح کسی دوا کے بغیر درد کم کیا جا سکتا ہے۔ اس تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ جب درد محسوس کریں تو خوشگوار یادوں کو ذہن میں تازہ کریں یا پھر اس سے وابستہ اشیا پر غور کریں۔

سمندری مونگے میں کینسر کے خلاف مؤثر کیمیکل دریافت

یوٹاہ (سی ایم لنکس) اگرچہ یہ ایک فلمی کہانی معلوم ہوتی ہے لیکن یہ حقیقت ہے کہ سائنسداں مسلسل 25 برس سے کینسر ختم کرنے والے ایک سالمے (مالیکیول) کی تلاش میں تھے جو اب مل چکا ہے۔ پہلے پہل یہ سمندری مرجانی چٹانوں (کورال) میں دریافت ہوا تھا لیکن اسے مکمل طور پر سمجھا نہیں گیا تھا۔ اب نہ صرف یہ دوبارہ ملا ہے بلکہ اسے نرم کورال کی بجائے تجربہ گاہ میں بھی تیار کر سکتے ہیں جسے سنتھے سز کا عمل کہا جاتا ہے۔ ہم عرصے سے جانتے ہیں کہ سمندروں میں شفاخانہ چھپا ہو سکتا ہے۔ پھر رنگ برنگے اور کئی اقسام کے مونگے شاندار کیمیائی اجزا بناتے ہیں جن میں ادویہ کی نئی دکان بلکہ کان ہو سکتی ہے۔ 1990 کے دوران گریٹ بیریئر ریف میں 'ایلیوتھیروبن' نامی سالمہ دریافت ہوا تھا۔ یہ سرطانی خلیات (سیلز) کو تباہ کرتا ہے اور کینسر روکتا ہے لیکن اس کی ساخت اور بناوٹ کے عمل سے پردہ نہ اٹھ سکا تھا۔ ممتاز سائنسی جریدے نیچر کیمیکل بائیولوجی میں شائع رپورٹ میں جامعہ یوٹاہ کے پروفیسر ایرک شمٹ نے لکھا ہے کہ نہ صرف 'ایلیوتھیروبن' کا ماخذ نرم کورال معلوم کیا گیا ہے بلکہ اس کے جینیاتی خواص بھی دیکھے گئے ہیں۔ سائنسداں ایک عرصے سے 'ایلیوتھیروبن' کی جینیاتی ترکیب معلوم کرنا چاہتے تھے لیکن ساتھ میں وہ یہ بھی جاننا چاہتے تھے کہ آیا خاص طرح کے نرم مونگے انہیں خود بناتے ہیں یا پھر ان سے چپکے چھوٹے پودے ڈائنوفلجلیٹس یہ کیمیکل پیدا کرتے ہیں۔ لیکن اب بھی مرجانی چٹانوں سے 'ایلیوتھیروبن' کی اتنی مقدار نہیں نکالی جا سکتی جس سے دوا بنائی جا سکے یا محض تجربات ہی ممکن ہوں۔ ڈاکٹر ایرک اور ان کے محقق ساتھیوں نے اب معلوم کیا ہے کہ کورال کے قریبی رشتے دار پودے 'سمندری قلم' (سی پین) میں بھی 'ایلیوتھیروبن' کی اچھی مقدار ہوتی ہے۔ اس کے بعد اس کا مکمل جینیاتی مطالعہ بھی کیا گیا ہے۔ اسی طرح 'ایلیوتھیروبن' سے ملتے جلتے کئی کیمیائی اجزا معلوم کیے گئے اور یوں انہیں ایک بیکٹیریا میں شامل کر کے اس کا جائزہ لیا گیا۔

فلموں کی کامیابی میں موسیقی کا پچاس فیصد کردار ہوتا ہے' عاصمہ لتا

جو گلوکار گھروں میں بیٹھ گئے ہیں انہیں دوبارہ فعال کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہوں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ وگلوکارہ عاصمہ لتا نے کہا ہے کہ کوئی تسلیم کرے یا نہ کرے لیکن یہ حقیقت ہے کہ فلموں کی کامیابی میں موسیقی کا پچاس فیصد کردار ہوتا ہے، میری کوشش ہے کہ جو گلوکار گھروں میں بیٹھ گئے ہیں انہیں دوبارہ فعال کیا جائے۔ ایک انٹرویو میں عاصمہ لتا نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ ہماری فلم انڈسٹری میں ایسی مثالیں موجود ہیں کہ اگر کسی فلم کا سکرپٹ تھوڑا کمزور ہے تو بہترین میوزک نے اسے سہارا دیا اور وہی فلم سپرہٹ ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ آج بہت سارے نامور گلوکار فلم انڈسٹری کی زبوں حالی کی وجہ سے گھروں میں بیٹھ گئے ہیں۔

فلم ''کملی'' 3 جون کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

فلم میں گلوکارہ ریشماں کا ایک ایسا گانا شامل ہے جو اس سے قبل پیش نہیں کیا گیا



لاہور (این این آئی) کھوسٹ فیملی کی نئی فلم ''کملی'' 3 جون کو سینما گھروں کی زینت بنے گی سینئر اداکار عرفان کھوسٹ، ان کے صاحبزادے سرمد کھوسٹ اور صاحبزادی کنول کھوسٹ کی فلم ''کملی'' کو سنسر بورڈ نے پاس کر دیا ہے جس کے بعد یہ فلم 3 جون کو سینما گھروں میں نمائش کے لئے پیش کی جائے گی۔ فلم میں صبا قمر نے کملی کا کردار ادا کیا ہے۔ فلم کے ہدایتکاری کے فرائض سرمد کھوسٹ نے سرانجام دیے ہیں جبکہ اس کی پروڈیوسر کنول کھوسٹ اور ایگزیکٹو پروڈیوسر عرفان کھوسٹ ہیں۔

اداکار امیر گیلانی نے ہارورڈ کی ڈگری لے لی

کراچی (این این آئی) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کے نئے ابھرتے ہوئے اداکار امیر گیلانی نے ہارورڈ سے قانون کی ڈگری حاصل کر لی ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر امیر گیلانی نے اپنی گریجویشن کی چند تصاویر شیئر کی ہیں۔ امیر گیلانی نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ الحمدللہ! چاروں طرف مسکراہٹیں۔ اداکار نے کہا کہ خوش اور مثبت لوگوں سے گھرے ہونے کے احساس ہی الگ ہے۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے اہلخانہ اور دوستوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ان کے ساتھ جشن منایا۔

نئے پاکستانی ٹیلنٹ کو پروموٹ کرونگی، سویرا شیخ

نئے ٹیلنٹ کو پروموٹ کرنے کیلئے سویرا پروڈکشن کے نام سے پروڈکشن ہاؤس بنا لیا

لاہور (این این آئی) معروف ماڈل و اداکارہ سویرا شیخ نے سویرا پروڈکشن کے نام سے اپنا ذاتی پروڈکشن ہاؤس کھول لیا۔ سویرا شیخ نے ملک بھر کے ٹیلنٹ کو متعارف کرانے کے لئے سویرا پروڈکشن کے نام سے ایک ادارہ قائم کر لیا ہے جس کے تحت ٹیلی فلمز، ڈرامہ سیریلز، سیٹ کام اور کمرشل شوٹس کیے جائیں گے۔ سویرا شیخ کا کہنا ہے کہ میرا مقصد پورے ملک سے بہترین ٹیلنٹ کو آگے لانا ہے اور میں نے اسی نظریے سے یہ ادارہ کام کیا ہے۔ میری کوشش ہے کہ اس پلیٹ فارم کے بینر تلے شوبز انڈسٹری کو بہترین کھیپ میسر آئے۔ میرا مقصد ہرگز کاروبار کرنا نہیں بلکہ پاکستانی ٹیلنٹ کو پروموٹ کرنا ہے۔



عائشہ صنم مرتے دم تک ترکی میں رہائش رکھنے کی خواہاں

ترکی میں مستقل سکونت اختیار کرنے کے بعد پرسکون ہوں' اداکارہ

لاہور (این این آئی) اداکارہ وماڈل عائشہ صنم خان نے مرتے دم تک ترکی میں رہائش رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ عائشہ صنم خان کا کہنا ہے کہ اپنے وطن عزیز کے علاوہ بیرون ملک میں بھی کام کیا ہے اور خدا کا شکر ادا کرتی ہوں کہ جتنا بھی کام کیا کامیابی ہی ملی ہے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ میں ترکی میں مستقل سکونت اختیار کرنے کے بعد پرسکون ہوں، اب وطن واپسی کا کوئی ارادہ نہیں ہے اور مرتے دم تک ترکی میں رہنا چاہتی ہوں۔ عائشہ صنم خان نے انڈسٹری میں کام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ مقام بحال رکھنے کے لیے مزید محنت اور لگن سے کام کر رہی ہوں۔

'لال سنگھ چڈھا' کا ٹریلر IPL کے فائنل میں ریلیز

عامر خان کی فلم 'لال سنگھ چڈھا' رواں سال 11 اگست کو ریلیز ہونے والی ہے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے مسٹر پرفیکٹ عامر خان اور اسٹار کرینہ کپور کی فلم 'لال سنگھ چڈھا' کا ٹریلر آئی پی ایل کے فائنل میں ریلیز ہوگا۔ عامر خان کے تمام مداحوں کے لیے آج کا دن خاص ہے کیونکہ یہ ان کی فلم 'لال سنگھ چڈھا' کے ٹریلر کے ریلیز کا دن ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عامر خان خود گجرات ٹائٹنز اور راجستھان رائلز کے درمیان انڈین پریمیئر لیگ 2022 کے فائنل کی پہلی اننگز کے دوران اپنی فلم کا ٹریلر جاری کریں گے۔ بالی وڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ آئی پی ایل 2022 کے فائنل کی میزبانی بھی کریں گے۔ واضح رہے کہ عامر خان کی فلم 'لال سنگھ چڈھا' رواں سال 11 اگست کو ریلیز ہونے والی ہے اور اداکار پروموشن مہم میں کافی مصروف ہیں۔

سیاسی مخالفت میں خاندانوں میں پھوٹ پڑ چکی ہے

پاکستان میں سیاسی انتہا پسندی کا بڑھتا ہوا رجحان انتہائی خطرناک ہے' صوفیہ احمد

لاہور (این این آئی) امریکہ میں مقیم اداکارہ صوفیہ احمد نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیاسی انتہا پسندی کا بڑھتا ہوا رجحان انتہائی خطرناک ہے، میں نے پاکستان کی سیاست میں پہلے اس قدر انتہا پسندی نہیں دیکھی کہ لوگ ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں، اس صورتحال کی وجہ سے بہت سے لوگ اس سے متنفر ہو کر کنارہ کشی اختیار کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر اپنے ایک بیان میں صوفیہ احمد نے کہا کہ یہ صورتحال انتہائی تشویش کا باعث ہے کیونکہ اب سیاست کی وجہ سے خاندانوں میں پھوٹ پڑ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے بہت سے ممالک میں سیاسی جماعتوں ہیں۔

بقیہ 1

سخت اقدامات کی ہدایت کی ہے۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ عوام کو حکومتی نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جائے، عوام کو لوٹنے کی اجازت نہیں دیں گے۔وزیراعظم نے فوڈ سکیورٹی اور صنعت کی وزارتوں کو عملدرآمد رپورٹ دینے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 2

سیٹ کیا تھا۔پی ٹی آئی کے ڈی سیٹ ارکان نے کمیشن کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ جانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت آئندہ 48 گھنٹوں میں عدالتِ عظمیٰ میں اپیل دائر کی جائے گی۔

بقیہ 3

ملاقات کے لیے پاکستان جائیں گے۔یو ایس پاکستان انٹرنیشنل چیمبر آف کامرس (یو ایس پی آئی سی سی) کے چیئرمین صدیق شیخ، یونائیٹڈ بزنس گروپ کے صدر زبیر طفیل اور یو ایس پی آئی سی سی کے سیکرٹری جنرل ملک سہیل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ پاکستانی تاجر برادری کے ساتھ اقتصادی تعلقات بڑھانے کی کوشش کریں گے اور معاملات کو مزید بہتری کی طرف لے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا کا عظیم دوست ہے۔یہ ایک بہت اہم ملک ہے اور ہم پاکستان کو بہت زیادہ عزت دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ اقتصادی ترقی کو فروغ دینے، بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے، تیز رفتار انٹرنیٹ تک رسائی بڑھانے، افرادی قوت کی ترقی کو فروغ دینے اور تکنیکی تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی، اور انجینئرنگ کے شعبوں کو بہتر بنانے کے خواہاں ہیں۔صدیق شیخ، زبیر طفیل اور ملک سہیل نے رکن کانگریس کے علاوہ متعدد سرکردہ تاجروں سے بھی ملاقاتیں کیں اور پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ہم غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بہترین مراعات دے رہے ہیں۔انہوں نے فیئر فیکس کاؤنٹی کے چیئرمین جیف میکے سے بھی ملاقات کی اور دو طرفہ تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے فیئر فیکس کاؤنٹی میں مساوات، تعلیم، بہتر رہائش، نقل و حمل، انفراسٹرکچر اور ماحولیات کی تعریف کی۔فیئر فیکس کاؤنٹی کے چیئرمین جیف میکے نے یو ایس پی آئی سی سی کے چیئرمین صدیق شیخ کی بے لوث خدمات کو سراہا اور تعلقات کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ وہ جلد صدیق شیخ کے ہمراہ پاکستان کا دورہ کریں گے اور دونوں ممالک کو قریب لانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔انہوں نے صدیق شیخ، زبیر طفیل، ملک سہیل اور نجیب اسلم، کونسل ممبر یو ایس پی آئی سی سی کو اسناد سے بھی نوازا۔

بقیہ 4

پولیس اہلکار ٹیم کی حفاظت کرتے رہے جو 23 مئی جو شروع ہو کر اتوار کو اختتام پذیر ہوئی تھی۔پولیو مہم کے علاقے کے انچارج عبدالمنان نے ڈان کو بتایا کہ پولیو مہم کے دوران قطرے پلانے سے انکار کرنے کے 10 واقعات منظر عام پر آئے۔بعدازاں پولیو ٹیم کی جانب سے انکار کرنے والے اہل خانہ کو قائل کرنے کے بعد 10 میں سے 6 افراد نے اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کی اجازت دی۔عبدالمنان نے کہا کہ باقی 4 افراد نے اپنے بچوں کو پولیو قطرے پلانے سے انکار کردیا اور پولیس اہلکاروں سے بھی مزاحمت کی۔انہوں نے کہا کہ اتوار کی روز پھر ہماری ٹیم نے ان چاروں افراد کو قائل کرنے کی کوشش کی جس پر انہوں نے قطرے پلانے کی اجازت دے دی۔پولیس کے پاس پہلی شکایت پولیو اہلکار صداقت علی نے درج کرائی جنہوں نے کہا کہ ڈھوک بابو کے علاقے میں ان کی ٹیم اپنے فرائض سرانجام دے رہی تھی تو 3 مرتبہ کوشش کرنے کے باوجود بھی ایک رہائشی وقار نے اپنے بچوں کو پولیو قطرے پلانے سے انکار کردیا اور مزاحمت کرنے پر بدتمیزی کی۔پولیو ٹیم کے انچارج عبدالمنان نے نیو پولیس ٹاؤن میں شکایت درج کی کہ وہ ایک رہائشی کاشف کے گھر پولیو کے قطرے پلانے پہنچے مگر اس نے پولیو ٹیم کے ساتھ بدسلوکی کی اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کردیا۔انہوں نے کہا کہ جب پولیو ٹیم کو پولیس اہلکاروں کے ہمراہ کاشف کو قائل کرنے کے لیے بھیجا گیا تو اس نے ٹیم میں موجود خواتین اہلکاروں کو ہراساں کیا اور مزاحمت کی۔

بقیہ 5

بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (72 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور والدین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات 1451 ڈرائیوز، کم عمر ڈرائیور 30 مسافر 488 اور 95 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 224 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں، جن میں صوبائی دارالحکومت 249 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 72 حادثات میں 73 متاثرین کے ساتھ دوسرے اور فیصل آباد 70 حادثات میں 74 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ان ٹریفک حادثات کے کل 1034 متاثرین میں 818 مرد اور 216 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 230 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم اور 532 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 272 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 812 موٹر سائیکلز، 66 آٹو رکشے 61 موٹر کاریں، 32 وین 10 مسافر بسیں، 18 ٹرک اور 83 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 6

سماعت 16 جون تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 7

کرنے والی معلومات کو مسترد کردیا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا کہ وزارت صحت کے ایک عہدیدار کا کہنا تھا کہ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی رپورٹس کے مطابق ملک میں اب تک منکی پاکس کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا۔اس سے قبل این آئی ایچ نے یہ بھی واضح کیا تھا کہ سوشل میڈیا پر ملک میں بیماری کے پھیلاؤ سے متعلق رپورٹس 'غلط' تھیں اور قومی اور صوبائی صحت کے حکام سے کہا گیا کہ وہ کسی بھی مشتبہ کیس کے لیے چوکس رہیں۔دریں اثنا گزشتہ ہفتے وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا تھا کہ حکومت نے وائرس کی بیماری کی تشخیص کے لیے ٹیسٹنگ کٹس کا آرڈر دے دیا ہے۔انہوں نے بتایا تھا کہ ٹیسٹنگ کٹس آرڈر کردی ہیں جو جلد پہنچ جائیں گی، ملک کے داخلی مقامات پر عملے کو بھی الرٹ کردیا گیا ہے تاہم تک کوئی کیس سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 8

میں چھاپے مارے ہیں۔واضح رہے کہ سندھ ہائیکورٹ میں دعا زہرہ کو پیش نہ کیا جاسکا، ایڈووکیٹ جنرل سندھ نے بتایا کہ دعا ہزارہ یا مانسہرہ میں ہیں جس پر عدالت نے آئی جی سندھ کو شوکاز جاری کردیا۔

بقیہ 9

اور اس وقت کا اشتہار ہے، ہمارے ذیلی قوانین پر تحفظات ہیں۔چیف جسٹس نے کہا کہ اس عہدے کو دوبارہ مشتہر ہونا چاہیے

بقیہ 10

یٰسین، مزدور یونین کے صدر اورنگزیب خان، راجہ شاکر زمان کیانی، صوفی محمود علی، حاجی صابر حسین، علی اصغر مانی بٹ، سردار محمد آصف، مرزا سعید اختر، اسد محمود، سید مقبول حسین شاہ، احمد علی شیرازی، چوہدری زاہد احمد، چوہدری طارق گجر، لالہ عزت خان، سردار شوکت، زاہد حسین بھٹی، صوفی عنایت عباسی، شہزادہ اعوان، چن زیب گجر، شفیق کھوکھر، اسد اعوان، شاہد حسین بھٹی، فہد مغل، سید مقرب شاہ، عابد بھٹی، حاجی صلاح الدین، ریاض خان، شیخ مہتاب، ایاز خان اور دیگر مرکزی عہدیداران سمیت سی ڈی اے افسران ڈائریکٹر مینٹی نینس معشوق علی شیخ، ڈپٹی ڈائریکٹر اسلام بلوچ، سب انجینئر حامد مختار اور ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی، مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین نے آٹھ ماہ کی قلیل مدت میں اپنی بہترین کارکردگی کی بدولت انوائرمنٹ، سینی ٹیشن اور واٹر سپلائی ڈائریکٹوریٹ کے ملازمین کی ہفتہ وار چھٹی کی بحالی، 141 نکالے جانے والے مسٹرول ملازمین کی بحالی کے لیے کمیٹی کی تشکیل، جج کوٹہ میں 10 ملازمین کا اضافہ، تمام الاؤنسز میں 50 سے 100 فی صد اضافہ، تمام ملازمین کو بلا تفریق ایک بنیادی تنخواہ بطور اعزازیہ، سی ڈی اے کے مختلف ڈائریکٹوریٹس کو کروڑوں روپے اوور ٹائم، تمام ملازمین کے لیے سی ڈی اے بورڈ سے پلاٹوں کی منظوری، ٹائم سکیل پروموشن کی منظوری، سٹی سیوریج ڈویژن میں کام کرنے والے ملازمین کو 1000 روپے بدبو الاؤنس اور 1000 خطرہ الاؤنس، سکیورٹی ڈائریکٹوریٹ کے تمام سٹاف بشمول سی ڈی اے کے تمام سکیورٹی گارڈز کے لیے 5000 روپے سپیشل الاؤنس کی منظوری، ملازمین کی رہائشی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے علی پور فراش میں 200 فلیٹس مختص اور مزید 300 فلیٹس مختص کروانے کا اصولی فیصلہ کروانے سمیت دیگر ایسے تاریخی اقدامات کیے جن کی نظیر تاریخ میں نہیں ملتی، اس موقع پر مینٹی نینس ملازمین نے یہ مطالبہ پیش کیا کہ فیلڈ سٹاف کی پروموشن کی جائے اور جن کیٹگریز کی لائن آف پروموشن نہیں ہے انہیں لائن آف پروموشن دی جائے، تقریب سے مزدور یونین کے قائد و سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن چوہدری محمد یٰسین نے خطاب کرتے ہوئے تقریب میں شریک تمام عہدیداران، سی ڈی اے افسران اور کارکنوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مزدور یونین کو ہر مشکل میں آگے بڑھنے کا سلیقہ آتا ہے، ہم نے ہمیشہ مذاکرات کی سیاست کو فروغ دیا، نفرتوں کا خاتمہ کرتے ہوئے ہمیشہ محبت کا درس دیا اور یہی راستہ ترقی کی طرف جاتا ہے، افسران سے لے کر ایک مالی اور بیلدار تک سب کو عزت کی نگاہ سے دیکھا اور رنگ، نسل اور مذہب سے بالاتر ہو کر بلاتفریق مزدور یونین نے اس ادارے میں ایک ایسے گلدستے کو بطور نمونہ پیش کیا جس میں ہر رنگ کا پھول شامل ہے اور ہم اس شہر کے میزبان ہیں اور ہمیں اپنے فرائض ایمانداری سے ادا کرنے چاہئیں، ہم نے ہمیشہ ٹیم ورک کی صورت میں کام کرنے کو ترجیح دی اور اپنے کارکنوں کو ہمیشہ یہ درس دیا کہ آپس کے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ادارے اور اپنی تنظیم کی ترقی کے لیے بے لوث ہو کر کام کریں، انہوں نے کہا کہ آج شہید ذوالفقار علی بھٹو کو ہر محنت کش صرف اس لیے یاد کرتا ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے نہ صرف محنت کشوں کے لیے اس ملک میں قوانین اور ادارے بنائے بلکہ اس کو اپنی آواز اور اپنے حق لینے کا طریقہ بھی سکھایا، محنت کش آپس کی یکجہتی اور اتحاد کو فروغ دیں، سی ڈی اے مزدور یونین نے ہمیشہ حق و سچ کی سیاست کو فروغ دیا، الزامات کی سیاست اور پروپگنڈے کو کبھی اہمیت نہیں دی، چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ چیئرمین سی ڈی اے، بورڈ ممبران اور ارباب اختیار سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ میرا مطالبہ ہمیشہ یہی رہا کہ میرے محنت کش کا حق اسے دے دو اور اپنے محنت کش کو ہمیشہ یہی درس دیا کہ آپ لوگ اپنے حقوق کے ساتھ اپنے فرائض کو کسی صورت نظرانداز نہ کریں، ہم آئندہ بھی اپنے محنت کشوں کی بہتری کے لیے پہلے سے زیادہ بہتر اقدامات اٹھانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 11

نے میاں بیوی محنت کش اعجاز اور اس کی بیوی کو ساتھیوں کی مدد سے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔جبکہ موضع اصغر آباد میں محمد نواز اپنے بیٹے حمایت علی مہوش بی بی سے جھگڑا کر رہے تھے کہ مہوش کی ماں کلکانی نے مداخلت کی تو باپ بیٹے نے مل کر ماں بیٹی کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ان واقعات کے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس الگ الگ مقدمات درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 12

کے منافی کوئی پالیسی یا اقدام نہیں ہوسکتا۔اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان مسئلہ فلسطین اور اسرائیل سے متعلق اپنے روایتی اور اصولی موقف پر سختی سے کاربند ہے۔انہوں نے کہا کہ وزارت خارجہ واضح کرچکی ہے کہ پاکستان سے کوئی وفد اسرائیل نہیں گیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق فلسطینیوں کے استصواب رائے کے حق کی مکمل حمایت کرتے ہیں، دنیا دو ریاستی حل کو خطے میں پائیدار امن کا ضامن تصور کرتی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ 1967 سے پہلے کی سرحدوں، بیت المقدس دارالحکومت اور جغرافیائی وحدت کی حامل فلسطینی ریاست کا وعدہ پورا کیا جائے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ مقبوضہ فلسطین اور جموں و کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر دیرینہ ترین امور ہیں جن کا حل عالمی برادری کی ذمہ داری ہے، ان دونوں مسائل کے منصفانہ حل تک دنیا میں پائیدار امن ایک خواب ہی رہے گا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ مقبوضہ فلسطین اور غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کی منصفانہ جدوجہد کی ہر ممکن حمایت جاری رکھیں گے۔وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ سستی سیاسی شہرت کے لئے ہر منفی اقدام کرنے والے کسی قومی مفاد کا تو خیال کریں، دورے میں شامل پی ٹی وی کے اینکر کو ٹرمینیٹ اور آف ائیر کردیا گیا ہے، مذکورہ اینکر اپنی ذاتی حیثیت میں دورے پر گیا تھا۔

بقیہ 13

مشترکہ بیان میں مرحومہ کی مغفرت جنت الفردوس میں درجات کی بلندی۔ کے لیے دعا کی ہے اور اللہ سے دعا گو ہیں کہ پسماندگان کو صبر و جمیل عطا فرمائے آمین

بقیہ 14

کتابوں کے خالق اور سابقہ سیکرٹری حلقہ ارباب ذوق لاہور ڈاکٹر غافر شہزاد صاحب نے فرمائی۔ مہمانانِ خصوصی: جناب شفیق احمد خان ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ اظہار خیال: جناب ڈاکٹر یونس خیال جناب نوید صادق جناب فیصل زمان چشتی جناب اکمل حنیف (منظوم کلام) نقابت کے فرائض جناب اکمل حنیف (صدر اسلوب انٹرنیشنل) نے خوبصورتی سے سرانجام دیئے۔مشاعرے میں شریک دیگر شعراء کرام کے اسماء گرامی یہ ہیں: سرفراز علی حسین، یوسف علی یوسف، سجاد بلوچ، ڈاکٹر مدثر جاوید ملک، اظہر عباس، ندیم شیخ، ولی محمد عظمی، ڈاکٹر ایم ابرار، عطا الحسن، عروج زیب، فواد احمد، صادق فدا تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعتیہ اشعار سے کیا گیا۔یہ تقریب دو حصوں پر مشتمل تھی پہلے حصہ میں دوستوں نے صاحب کتاب جناب فرحت عباس شاہ کی شخصیت اور ان کی کتاب "مزاحمت کریں گے ہم" پر تفصیلی گفتگو فرمائی۔اور اس کتاب کو مزاحمتی شاعری میں سب سے مضبوط اور متنوع موضوعات سے بھرپور شعری مجموعہ قرار دیا۔ دوسرا حصہ مشاعرہ تھا جس میں صاحبِ کتاب اور صاحبِ صدر کے کہنے پر اسٹیج پر بطور صدر محفل جناب سرفراز علی حسین اور مہمانان خصوصی ڈاکٹر یونس خیال، ڈاکٹر مدثر جاوید ملک، اور یوسف علی یوسف کو دعوت دی گئی۔مشاعرے میں شعراء کرام کے علاوہ چند سامعین بھی موجود تھے اکمل حنیف اپنے بچوں میں ادب کو فروغ دے رہے ہیں اس سلسلے میں اس مشاعرے کے چھوٹے سامع آیان اکمل نے شعراء کرام کو واہ واہ، واہ کیا کہنے، بہت خوب جیسے الفاظ استعمال کرتے ہوئے خوب داد دی۔آیان اکمل کا ادب سے لگاؤ دیکھ کر سب نے بہت حوصلہ افزائی کی اور دعائیں دیں۔روایت کے مطابق سب سے پہلے صاحب نظامت جناب اکمل حنیف نے اپنا کلام سنایا۔اس کے بعد تمام شعراکرام نے اپنا خوبصورت اور معیاری کلام پیش کیا۔شعراکرام نے ایک دوسرے کو خوب داد سے نوازا۔ہم آنے والے تمام شعراء کرام اور سامعین کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ تقریب وقت پر تشریف لائے اور پروگرام وقت پر شروع ہوا اور اپنے وقت کے مطابق اختتام پذیر ہوا۔مشاعرے کے اختتام پر ادبی تنظیم "اسلوب انٹرنیشنل" کی طرف سے شعراء کرام اور سامعین کے لیے پرتکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا، اور پھر شعراکرام اور سامعین کو شکریہ اور عزت کے ساتھ الوداع کیا گیا۔

بقیہ 15

اپنا کردار ادا کریں گے۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ورکشاپ کیمہان خصوصی تھے۔ ورکشاپ میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، سپیشل سیکرٹری ایلیمنٹری ایجوکیشن، ایڈیشنل سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اور صوبے کے کمشنرز نے شرکت کی۔ چیف شماریات پی بی ایس ڈاکٹر نعیم الظفر نے تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور مردم شماری کا پس منظر اور تعارف پیش کیا۔انہوں نے مردم شماری کی کامیابی میں صوبوں کے کردار کے ساتھ اس کی اہمیت کو واضح کیا۔انہوں نے شرکاء کو آگاہ کیا کہ صوبے مردم شماری کے عمل میں اہم اسٹیک ہولڈرز ہیں صوبے ہی مردم شماری کے عمل کو انجام دیں گے، نگرانی کریں گے اور شفافیت لائیں گے، جبکہ پی بی ایس اس سارے عمل کے دوران سہولت کار کا کردار ادا کرے گا۔اس لیے صوبوں کے تعاون کے بغیر مردم شماری کی تکمیل ممکن نہیں۔ممبر (سپورٹ سروسز/ ریسورس مینجمنٹ) پی بی ایس، جناب محمد سرور گوندل نے بتایا کہ کس طرح جدید ٹیکنالوجی کی مداخلت مردم شماری کے عمل میں انقلاب لائے گی اور اسے تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے قابل قبول بنائے گی جس میں عام لوگ سب سے زیادہ اہم ہیں۔انہوں نے گنتی، تربیت کے لیے قابل عملہ خاص طور پر کمپیوٹر لٹریٹ کے انتخاب پر زور دیا۔سوال جواب کے سیشن کے دوران ماہرین نے شرکاء کے تمام سوالات کا جواب دیا، ماہرین کے پینل کی قیادت چیف شماریات کر رہے تھے۔شرکاء نے مردم شماری کی منصوبہ بندی کے سلسلے میں پی بی ایس کے حاصل کردہ اہداف پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے مردم شماری کے تمام مراحل کے دوران اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا کیونکہ احتیاط سے انجام دی گئی مردم شماری وسائل کی منصفانہ تقسیم، اسمبلیوں میں حقیقی نمائندگی اور حدود کی درست حد بندی کا باعث بنے گی، جو بالآخر اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد کی تعمیر کا باعث بنے گی۔کمشنر مردان جناب جبار شاہ نے اس پریزنٹیشن کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ آئندہ مردم شماری کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد اس طرح کیا جائے گا کہ اسے تمام ٹارگٹ سامعین اور اسٹیک ہولڈرز کی تائید حاصل ہو۔اس لیے گنتی میں شامل افراد کی ساکھ کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔جناب ظہیر الاسلام، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے خیبر پختونخوا کے عہدیداروں کی جانب سے تمام انتظامی اقدامات بشمول مردم شماری سپورٹ سینٹرز کے قیام اور مراکز میں سہولیات کی فراہمی اور تمام کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔انہوں نے اپنے تمام کمشنروں کو ہدایت کی کہ وہ منتخب انسانی وسائل بالخصوص خواتین شمار کنندگان اور ٹرینرز کا فرانزک آڈٹ کریں۔انہوں نے تربیتی مقامات کے لیے مناسب سہولیات کے انتخاب پر مزید زور دیا۔انہوں نے پی بی ایس کی تعریف کی کہ انہوں نے تمام متعلقہ عہدیداران کو بروقت ان کا پیغام پہنچایا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈیٹا کا تالیف کا عمل درست ہوگا اور ڈیٹا کا قابل اعتماد تجزیہ درست فیصلہ سازی اور پالیسی سازی کا باعث بنے گا۔خیبر پختونخوا کے چیف سیکرٹری ڈاکٹر شہزاد خان بنگش نے اپنے اختتامی کلمات میں شرکاء کو بتایا کہ مردم شماری ہر قسم کی منصوبہ بندی کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے چاہے وہ ترقیاتی ہو یا حکمت عملی۔اضلاع اہم سرکاری اکائیاں ہیں جن کی قیادت ڈپٹی کمشنر کرتے ہیں۔لہٰذا، حکومت کے ہر انتظامی اور تعاون پر مبنی کردار کے لیے ڈپٹی کمشنر مرکزی نقطہ ہے۔لہٰذا ان میں اعتماد پیدا کرنا اور انہیں مردم شماری کے عمل کی وضاحت کرنا واقعی فیلڈ آپریشن میں مددگار ثابت ہوگا۔ حکومت خیبر پختونخوا پی بی ایس کو جاری سرگرمیوں سے متعلق تمام مسائل اور تجاویز کے ساتھ بروقت اپ ڈیٹ کر رہی ہے۔ چیف شماریات نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور شفاف اور قابل اعتماد مردم شماری کی امید ظاہر کی۔

بقیہ 16

ممالک سے دوطرفہ تعلقات کی تجدید کے سلسلے کی کڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کے فروغ کے علاوہ، سرمایہ کاری، تجارت، صحت، تعلیم، ثقافت اور باہمی مفاد کے دیگر شعبہ جات میں تعاون کے حوالے سے بھی نہایت اہم ہے۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاک ترکی بزنس کونسل کا اجلاس، ترک سرمایہ کاروں اور تاجروں سے ملاقاتیں ہوں گی۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم دورے کے دوران مصطفیٰ کمال اتاترک کے مزار پر حاضری دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عزت مآب صدر رجب طیب اردوان کے ہمراہ وزیراعظم ترکی اور پاکستان کے سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر یادگاری نشان جاری کریں گے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ صدر اردوان وزیراعظم کے اعزاز میں عشائیہ دیں گے۔

بقیہ 17

کے اس اشتعال انگیز مارچ کو مسترد کرتی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یونانی آرتھوڈوکس آرچ بشپ آف سبسطیا، آرچ بشپ عطااللہ حنا نے بیت المقدس میں عیسائی گرجا گھروں کے اشتعال انگیز فلیگ مارچ کو مسترد کرنے کے موقف کی توثیق کی۔عطا اللہ نے وضاحت کی کہ مسجد اقصیٰ پر حملے نے تمام فلسطینیوں کو نشانہ بنایا اور یہ القدس ایک قابض ریاست کے مقبوضہ گڑھ میں تبدیل ہوگیا۔انہوں نے مزید کہا کہ عیسائیوں کا تعلق القدس شہر سے ہے اور وہ اس کا دفاع کرتے ہیں۔ ہم آبادکاروں کی دراندازی کو مسترد کرتے ہیں۔ بیت المقدس فلسطینی قوم کا ہے اور یہ صہیونی آبادکاروں کا نہیں رہے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اسرائیلی پرچم بردار مارچ ایک اشتعال انگیز اور دشمنانہ مارچ ہے جو قابض ریاست کی کمزوری کی تصدیق کرتا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اسرائیلی تسلط بیت المقدس اور مسجد الاقصیٰ کی حقیقت کو تبدیل نہیں کر سکے گا۔

بقیہ 18

نیب قوانین میں ترامیم پر پی ٹی آئی کے الزامات بلاجواز اور مضحکہ خیز ہیں۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے رہنما کبھی جہاد کا اعلان کرتے کبھی مذاکرات کا کہتے ہیں، پونے 4 سال پی ٹی آئی حکومت نے نیب کے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کو گرفتار کر کے کئی دن کورٹ میں پیش نہیں کیا جاتا تھا، نئے قوانین میں نیب گرفتار شدگان کو 24 گھنٹوں میں کورٹ میں پیش کرنے کا پابند ہوگا۔شیری رحمن نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت میں مخالفین کو بغیر انکوائری کئی ماہ قید میں رکھا جاتا تھا، ترامیم کے بعد اب نیب 6 ماہ کے اندر انکوائری کا آغاز کرنے کا پابند ہوگا۔پیپلز پارٹی کی رہنما نے کہا کہ فیفٹ قوانین کی آڑ میں پی ٹی آئی حکومت نے مخالفین کو نشانہ بنانے کیلئے قوانین بنائے، سابق حکومت کے آمرانہ قوانین میں ترامیم کرنا ہماری آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومتی اتحاد کو غیر فطری وہ کہہ رہے ہیں جو اتحادیوں کی بیساکھی پر کھڑے ہے۔

بقیہ 19

ہر ضلع میں کنٹینرز کھڑے کیے گئے اور لوگوں کو گرفتار کیا گیا، تحریک انصاف ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔شاہ محمود قریشی نے پرویز الٰہی سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر لوگ نہیں نکل رہے تھے تو کنٹینرز کیوں لگائے اور گرفتاریاں کیوں کیں؟، اگر ہمارے ساتھ لوگ نہیں تھے تو شیلنگ کیوں کی گئی؟ سوال یہ ہے کہ ضد میں کون ہے؟انہوں نے کہا کہ کس قانون میں لکھا ہے کہ پرامن احتجاج نہیں کیا جاسکتا، ہماری استدعا تھی کہ چیف جسٹس نیکہا کہ کنٹینرز ہٹائے جائیں، یہ غیر فطری اتحاد ہے، یہ عمران خان کو ہٹانے کے لیے اکٹھے ہوئے تھے۔انہوں نے کہا کہ مجھ پر 6 مقدمات درج کیے گئے ہیں، میں نے کیا کیا ہے جو مجھ پر مقدمات درج کیے گئے ہیں، دباؤ ڈالنے اور ہراساں کرنے کے لیے مقدمات درج کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کل جنوبی پنجاب کے ایم پی ایز سے ملاقاتیں کروں گا، آج دوستوں سے مشاورت کے بعد پشاور جاؤں گا، ملاقاتوں کے بعد پیش رفت سے عمران خان کو آگاہ کروں گا۔انہوں نے کہا کہ حمزہ شہباز آئینی طور پر وزیراعلیٰ نہیں ہے، پنجاب میں ہمارے آئینی اور قانونی حق کو سلب کیا گیا، پنجاب کے ہر ضلع میں کنٹینرز کھڑے کیے گئے اور لوگوں کو گرفتار کیا گیا، تحریک انصاف ڈٹ کر مقابلہ کرے گی، تاثر تھا کہ پی ٹی آئی ممی ڈیڈی پارٹی ہے، 25 مئی کو ثابت ہوگیا کہ کارکن ہر رکاوٹ عبور کرنے کی طاقت رکھتے ہیں۔شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ وقت دور نہیں اب اسمبلی میں ان کا ٹرائل ہوگا اور سزا بھی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ان 8 ہفتوں میں مہنگائی بڑھی ہے یا نہیں؟، حکومت انتخابات کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے، حکومت نے ملک کو ہیجان کی صورت حال میں مبتلا کردیا ہے۔اس موقع پر پنجاب اسمبلی کے اسپیکر چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ حمزہ شہباز کا الیکشن اور حلف برداری کچھ بھی صحیح نہیں، وہ بچہ ہے، پولیس اور چیف سیکرٹری کے کندھوں پر بیٹھ کر اقتدار میں آیا۔انہوں نے کہا کہ تشدد کرنے کے خلاف اسمبلی استحقاق ایکٹ کے تحت سب کو 4 چار ماہ سزا ہوگی، انہوں نے خواتین کے ساتھ بہت ظلم کی، ان کیساتھ وہ ہوگی جو کسی نے دیکھی نہیں، تمام تر تفصیلات میڈیا کے سامنے بھی لائیں گے، ان سب کی نوکریاں بھی جائیں گی۔

بقیہ 20

شرکت کی، کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سعید غنی نے کہا ہے کہ گرفتاری کے ڈر سے عمران خان فیس گالہ چھوڑ کر پشاور میں بیٹھے ہیں، عمران خان کو آئین میں درج طریقہ کار کے تحت ہٹایا گیا، انہوں نے تحریک عدم اعتماد کے بعد منتیں کی تھیں۔انہوں نے کہا کہ اتحادیوں نے بھی خراب کارکردگی پر پاکستان تحریک انصاف کا ساتھ چھوڑا۔انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا بوجھ بڑھے گا لیکن ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے معاہدہ عمران خان کر کے گئے تھے، پیٹرولیم لیوی ہر ماہ 4 روپے بڑھانے کا معاہدہ کیا گیا، آئی ایم ایف کی بات مسترد کرتے تو کوئی ادارہ پاکستان کے ساتھ معاہدہ نہیں کرتا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے معاہدے ہیں عالمی دنیا کے ساتھ ہم پر لازم ہے ان کا خیال کریں۔انہوں نے کہا کہ ہماری غیر جمہوری حکومتوں نے دنیا کو دکھانے کے لئے صرف ڈرامے بازیاں کی، میڈیا اور اقلیتیں عذاب کا شکار رہیں۔ ریاست نے جو عوام کے ساتھ وعدے کیے وہ پورے نہیں کیے، ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ جو بنیادی انسانی حقوق کا احترام نہ کرے اسے جی ایس پی پلس سمیت کوئی سہولت نہیں ملنی چاہیے۔ بدقسمتی سے سیالکوٹ جیسے واقعات ہوجاتے ہیں جن کا نقصان ریاست کو ہوتا ہے، ہر ملک میں ایسے عناصر ہوتے ہیں۔سعید غنی نے کہا کہ بلاول بھٹو ہمارے وزیر خارجہ ہیں، اللہ نے ان کو مہلت دی ہے کہ دنیا کو بتائے کہ ہم بہت اچھے اچھے کام کر رہے ہیں۔ بہت سارے چیلنجز اور مشکلات ہیں، صرف حکومت کا نہیں عدلیہ کا بھی کردار ہے۔

بقیہ 21

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پنجاب میں دھونس اور زبردستی سے غیر آئینی وزیراعلیٰ مسلط کیا گیا، حقیقی آزادی مارچ کے دوران حمزہ شہباز اور

بقیہ 22

مقاصد، اس کی خدمات کے دائرہ کار اور کامیابیوں پر ایک تفصیلی کارپوریٹ پریزنٹیشن دی۔ ٹیپاک کے قیام کے بنیادی مقاصد انجینئرنگ کنسلٹنسی میں خود انحصاری کا حصول، مقامی انسانی وسائل کی ترقی اور غیر ملکی کنسلٹنٹس پر انحصار کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ پیشہ ور افراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا تھے۔پریزنٹیشن کے دوران وفاقی وزیر نے ٹیپاک کے اہداف کے حصول کے بارے میں دریافت کیا جس پر ایم ڈی ٹیپاک نے انہیں بتایا کہ ٹیپاک نے اپنی تخلیق کے تمام ابتدائی مقاصد حاصل کرلیے ہیں اور اب بھی مستقبل میں اصلاحات کے عمل پر کام کر رہا ہے۔اپنے دعوے کو ثابت کرنے کے لیے، انہوں نے ایک مثال پیش کی کہ اس وقت ٹیپاک بھاشا اور مہمند ڈیم جیسے میگا پراجیکٹس کے لیے انجینئرنگ سروسز کی فراہمی کے لیے لیڈنگ فرم ہے جبکہ امریکہ، ترکی اور سوئٹزرلینڈ کی غیر ملکی کمپنیاں مشترکہ منصوبے میں کام کر رہی ہیں۔اس کے علاوہ ٹیپاک نے لاہور میں اورنج لائن میٹرو ٹرین پروجیکٹ کو مکمل کر کے اپنی مقامی صلاحیت کا ثبوت دیا۔ایم ڈی نے وزیر موصوف کو بتایا کہ امریکن بیسڈ ای این آر نے ٹیپاک کو انجینئرنگ کے شعبے میں خدمات فراہم کرنے والی ٹاپ 20 غیر امریکی فرموں میں شامل کیا ہے۔وزیر کو بتایا گیا کہ ٹیپاک کو 1973 میں انجینئرنگ کنسلٹنسی کے شعبے میں ایک پیشہ ورانہ ادارہ کے طور پر روایتی حکومتی اداروں کے برعکس بنایا گیا تھا اور اس طرح اس کے قواعد و ضوابط کو دیگر سرکاری اداروں سے مختلف طریقے سے تیار کیا گیا تھا۔وفاقی وزیر کو بتایا گیا کہ ٹیپاک بین الاقوامی شہرت کی حامل فرم ہے جس کے اومان، سعودی عرب، قطر اور افغانستان میں دفاتر ہیں۔اس کے علاوہ اس نے دنیا کے 38 ممالک میں منصوبوں پر کام کیا ہے۔اس موقع پر وزیر نے شمسی توانائی کے منصوبوں میں اپنی دلچسپی کا اظہار کیا اور میٹنگ کو بتایا کہ حکومت آنے والے دنوں میں شمسی توانائی کے شعبے میں کئی پراجیکٹس کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ایم ڈی نے وزیر کو بتایا کہ ٹیپاک نے حکومت کو بجلی پر سبسڈی دینے کے بجائے بلوچستان میں ٹیوب ویلوں کو سولر انرجی میں تبدیل کرنے کے لیے ایک تفصیلی فزیبلٹی تیار کی ہے جس سے لائن لاسز کو کافی حد تک کم کرنے میں مدد ملے گی اور سبسڈی کی خاطر خواہ بچت ہوگی۔ایم ڈی نے وزیر کو بھی بتایا کہ ٹیپاک بلوچستان اور خیبر پختونخوا جیسے خطرات سے دوچار علاقوں میں شمسی توانائی، آبپاشی، سڑکوں، ڈیموں اور توانائی کے شعبوں میں اپنی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ٹیپاک کی جانب سے پراجیکٹس کے اوور ڈیزائن سے متعلق استفسار پر، ایم ڈی نے جواب دیا کہ ٹیپاک کوئی بھی ڈیزائن اسسٹنٹ بین الاقوامی بہترین طریقہ کار کے مطابق تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے کرتا ہے جیسے کہ جامد، متحرک اور ونڈ لوڈنگ، جس کی وجہ سے اس کا ڈیزائن تھوڑا مہنگا پڑتا ہے لیکن وہ آخر میں محفوظ اور زیادہ قابل اعتماد ثابت ہوتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے پریزنٹیشن میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور ایم ڈی ٹیپاک کو یقین دلایا کہ ان کی وزارت ٹیپاک کے مختلف سرکاری محکموں کے خلاف وصولیوں کے مسائل کو حل کرنے میں مدد کرے گی۔

بقیہ 23

ان کو دوسرے علاقوں میں تبدیل کرینگے ملک مظہر آفریدی نے کہا کہ 22 نکات پر عمل نہیں ہورہا ان کے لئے فاٹا پولیس فورس کمیٹی کیساتھ بات چیت ہورہے ہیں سارے ملک کے ڈی آئی جی پولیس کے ساتھ مذاکرات شروع کرینگے۔

بقیہ 24

کیمیکلز سے جعلی ڈرنکس تیار کی جارہی تھیں۔تیار محلول کو ممنوعہ پلاسٹک ڈرموں میں بغیر ڈھانپے رکھا پایا گیا۔پروڈکشن ایریا میں واش روم، مکھیوں مچھروں کی بھرمار میں جعلی بیوریجز تیار کی جارہی تھیں۔مضرِ صحت ڈرنکس کو اصل جیسی نقلی لیبلنگ لگا کر گلی محلوں اور چھوٹے فوڈ پوائنٹس پر سپلائی کی جاتی تھیں۔کیمیکلز سے تیار مشروبات کا استعمال انسانی صحت کیلئے انتہائی مضر ثابت ہوتا ہے۔عوام سے گزارش ہے کہ اپنی خوراک کے چناؤ میں انتہائی محتاط رہیں، ہمیشہ غذائیت سے بھرپور خوراک کا انتخاب کریں۔صوبہ بھر میں مشروبات تیار کرنیوالے یونٹس پنجاب فوڈ اتھارٹی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔جعلسازی یا معیار میں کمی ہرگز برداشت نہیں، ناقص خوراک کی تیاری یا ترسیل کرنے والے کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 25

میں روڑے اٹکانے والوں کو عوام اچھی طرح پہچان چکی ہے۔ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے پارٹی کارکنان اور سیاسی ورکرز سے گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں انتشار کی سیاست کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے لانگ مارچ اور دھرنوں کی آڑ میں حکومتیں تبدیل نہیں کی جاسکتی جب بھی ملک ترقی کی جانب چلنا شروع ہوتا ہے تو عمران نیازی ملکی ترقی کی روکنے کے لیے لانگ مارچ اور دھرنوں کی کال دے دیتا ہے۔معروف شاعر، ادیب، کالم نگار، صحافی محمد زاہد صدیقی کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ آج آپ نے جو مسائل پیش کیے ہیں انشاءاللہ ہماری کوشش ہوگی کہ پورے نارووال خصوصاً بدوملہی کو سوئی گیس کی فراہمی جلد کردی جائے اور اس کے ساتھ سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور چلڈرن پارک کی تعمیر کا کام بھی جلد شروع کروایا جاسکے۔اس دوران رکن پنجاب اسمبلی اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور خواجہ محمد وسیم بٹ اور مسلم لیگ ن کے ضلع نارووال کے صدر پیر سید اظہر الحسن شاہ گیلانی کے علاوہ پارٹی ورکرز کی کثیر تعداد موجود تھی۔

بقیہ 26

جموں و کشمیر سے ایک ٹرین کے ذریعے ریاست کے دارالحکومت گوہاٹی پہنچے تھے۔ آسام پولیس نے انہیں اس وقت گرفتار کیا جب وہ ایک کار میں سلچر شہر میں داخل ہوئے۔ بہت سے روہنگیا ظلم و ستم کی وجہ سے میانمار سے بھاگ گئے تھے۔ان میں سے کئی لوگوں نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں پناہ لی تھی جہاں سے وہ دہلی اور پھر آسام کی طرف چلے گئے۔ پولیس نے دعویٰ کیا کہ انہیں یقین ہے کہ 26 روہنگیائی جنہیں گرفتار کیا گیا ہے، جنوبی آسام پاتری پورہ سے بنگلہ دیش میں داخل ہونے کی کوشش کر رہے ہوں گے۔

بقیہ 27

لگ سکتی ہو تو ہمیں تفصیلات سے آگاہ کریں۔شہری پی ایچ اے کے اس نمبر پر 03364465220 نام، جگہ کا نام، جگہ کی تصویر ارسال کریں۔ ڈی جی پی ایچ اے عمر جہانگیر نے مزید کہا کہ پی ایچ اے سرسبز اور شاداب لاہور ہر ممکن اقدامات کریگا۔

بقیہ 28

آج بھی ان کی کوئی آواز نہیں، ریاست کی کوئی ذمہ داری ہے؟ لاپتہ افراد کی کوئی آواز نہیں ہے۔سیکریٹری داخلہ کی جانب سے عدالت کے سامنے جواب جمع نہیں ہوسکا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جتنی اقتدار کی جنگ کے لیے لگے ہوئے ہیں اتنے سے آدھے بھی زور لگا لیں تو ان کے مسائل حل ہوسکتے ہیں، بنیادی حقوق کی خلاف ورزیوں میں ریاست خود اپنا کردار ادا نہیں کرتی، سیاسی قیادت کو آپس کی لڑائیاں ختم کرکے اصل ایشوز کے حل کی طرف آنا چاہیے، حکومت کو چاہیے کہ ایسا میکنزم بنائے کہ اگر کسی صحافی کے ساتھ مسئلہ ہو تو ایک ہی جگہ اس کے خلاف شکایت درج ہو۔عدالت نے صحافیوں کیخلاف کارروائیوں سے متعلق میکنزم بنانے کے لیے تجاویز طلب کرلیں اور ثاقب بشیر کی جمعہ تک وقت دینے کی استدعا منظور کرتے ہوئے سماعت جمعہ تک ملتوی کردی۔

بقیہ 29

آرڈیننس لانے یا موجودہ میں تبدیلیاں کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔سیکرٹری بلدیات کا کہنا تھا کہ دس روز بعد آرڈیننس ختم ہونے پر بلدیاتی الیکشن خود بخود ملتوی ہوجائیں گے۔

بقیہ 30

میں سابق وفاقی وزیر اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کا کہنا تھا کہ 3 سیاسی چوہوں کا آپس میں اتحاد ہے یہ تھا کہ ایک نے اپنے بیٹے کو چیف منسٹر بنالیا ہے دوسرے نے وزیر خارجہ، اور تیسرے نے وزیر مواصلات، جب کہ غریب لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور بے روزگاری سے مر رہا ہے جس سے اب ان کو کوئی غرض نہیں، قوم کو گولی، سامراج کے اشارے پر اسرائیل سے دوستی بڑھائی جارہی ہے اور ہندوستان سے تجارت شروع ہونے والی ہے، جب کہ ایران اور چین سے فاصلے پیدا ہونے والے ہیں۔شیخ رشید کا کہنا تھا کہ لاٹھی اور آنسو گیس سے دبانے کے لیے رانا ثنااللہ نے اجرتی قاتل کرائے پر رکھ لیے گئے ہیں، اب حکومت کا مسئلہ 8 سے 12 گھنٹے لوڈشیڈنگ نہیں ہے بلکہ اپنے کیس نیب، ایف آئی اے اور ای این ایف سے ختم کروانا ہے، جس پر تیزی سے کام ہورہا ہے۔ 1 ووٹ کی اکثریت پر قائم حکومت کسی وقت بھی دھڑام سے گرجائے گی، ابھی پٹرول اور بجلی میں اضافے کی پہلی قسط آئی ہے، 5 سے 25 جون تک دوسری قسط بھی آجائے گی لوگ خود سڑکوں پر آئیں گے اور غلامی کی زنجیریں توڑیں گے، حکومت کا جانا ناگزیر ہے، عنقریب وہ وقت آئے گا جب صدر ان سے اعتماد کے ووٹ کے لیے کہے گا، جس سے سامراجی خواہشیں چکنا چور ہوجائیں گی۔ ایک ووٹ کی اکثریت صرف غلامی کے سامراجی فیصلوں پر عمل درآمد کے لیے دی گئی ہے، اور 1 ووٹ کی اکثریت والی حکومت 22 کروڑ لوگوں کی ترجمانی نہیں کرسکتی۔سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ایک کروڑ اوورسیز پاکستانیوں کو سیاست اور ووٹ سے دور رکھنا قومی بددیانتی ہے، کیوں کہ اس پر 2018 میں سپریم کورٹ فیصلہ دے چکی ہے، اوورسیز پاکستانیز کا ووٹ کا حق دلانے کے لیے میں سپریم کورٹ جا رہا ہوں، جب اسمبلی کا ممبر 20 اور 25 کروڑ میں بک رہا ہو ایسے موقع پر اوورسیز پاکستانی ہی جمہوریت کو کسی بڑے حادثے سے بچاسکتے ہیں۔

بقیہ 31

بھی بتاتے رہے ہیں کہ کیسے عمران خان ان سے این آر او مانگنے کی کوشش کرتے رہے۔وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ چیئرمین نیب کیلئے جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر کے نام پر ابھی فیصلہ نہیں ہوا لیکن جسٹس (ر) مقبول باقر ایک معتبر شخص ہیں جن کا نام زیر غور ہے۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہوسکتا ہے اگلے دو روز میں چیئرمین نیب کیلئے حتمی نام کا اعلان ہوجائے۔

بقیہ 32

میں تاخیر سے قومی خزانے کو 135 ارب روپے کا نقصان ہوا۔روس کے ساتھ تیل معاہدے کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی حکومت نے ایسا کوئی معاہدہ نہیں کیا تھا، حماد اظہر کے خط کا ماسکو سے جواب نہیں آیا تاہم نئی حکومت روس سے گندم لینے کی کوشش کرے گی، اس نے کوئی راستہ نکالا تو سستا تیل بھی خریدا جائے گا۔مفتاح اسماعیل نے ٹویٹ کیا کہ حکومت نے سینیٹری پیڈز، ڈائپرز بنانے کے خام مال پر پابندی نہیں لگائی جو بلاشبہ ضروری سامان ہے، یہ صرف کچھ پرتعیش یا غیر ضروری سامان پر لاگو ہوتی ہے۔ حکومت اس معاملے پر آج وضاحت جاری کرے گی۔یاد رہے اس نے 19 مئی کو ہنگامی اقتصادی منصوبے کے تحت غیر ضروری، پرتعیش اشیا کی درآمد پر پابندی لگائی تھی۔یہ فیصلہ بڑھتا درآمدی بل، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ اور زرمبادلہ میں کمی کی وجہ سے ڈالر کی قدر میں اضافے پر کیا گیا، بعض حلقوں نے خدشہ ظاہر کیا تھا فہرست میں شامل 30 ممنوعہ اشیا میں سینیٹری نیپکن کی تیاری میں استعمال ہونے والا خام مال بھی شامل ہے۔مفتاح نے کہا کہ عمران خان نے 30 روپے لیوی اور 17 فیصد جی ایس ٹی کا معاہدہ کیا تاہم انھیں بڑھانے کا فیصلہ نہیں ہوا۔

بقیہ 33

وزیراعظم نے کہا کہ میری یہ خوش نصیبی ہے کہ میں نے آپ سے ملاقات کی تاکہ یہ پیغام دے سکوں کہ پاکستان ہر شعبے میں چین کے تعاون کا متلاشی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ میں ایمانداری سے کہہ رہا کہ گزشتہ دو دہائیوں میں چین کی بے مثال ترقی پاکستان کے لیے ایک نمونہ ہے، میں نے جب چین کا دورہ کیا تو یہ ترقی اپنی آنکھوں سے دیکھی

بقیہ 34

حکومت کے آنے کے بعد سے پاکستان ہمیشہ کے لئے تبدیل ہوگیا ہے۔عمران خان کا مزید کہنا تھا کہ آخر کار ذہنی غلامی کی زنجیریں ٹوٹ گئی ہیں۔

بقیہ 35

کراچی جارہی تھی واقعہ میں ملوث ٹرین کا عملہ فرار مقدمہ درج، یہ ٹرین نجی شعبہ کے زیر انتظام چلائی جارہی ہے، اورنگی ٹاؤن کراچی کی رہائشی خاتون (ف) کی درخواست پر تھانہ ریلوے پولیس کراچی سٹی میں مقدمہ درج کرلیا گیا' ایف آئی آر کے مطابق متاثرہ خاتون (ف) جس کا سسرال مظفرگڑھ ہے۔اس کے شوہر نے ڈیڑھ ماہ قبل اسے طلاق دی وہ اپنے بچوں سے ملنے 26 مئی کو مظفرگڑھ پہنچی، 27 مئی کو وہ بہاوالدین ذکریا ایکسپریس کے ذریعے کراچی کے لیے روانہ ہوئی، سٹیشن پر اس کو ٹکٹ نہیں ملا' ٹرین میں اکانومی کلاس کا ٹکٹ بنوا کر اس نے سفر شروع کردیا، ٹرین جب روہڑی سے روانہ ہوئی تو نجی

شعبہ کے ٹکٹ چیکر زاہد نیازی خاتون کو کہا کہ وہ اس کو اے سی بوگی کی برتھ لے کردے سکتا ہے اور اس نے انچارج عاقب سے ملوایا اور اس کو اے سی بوگی کے ایک کمپارٹمنٹ میں لے گیا' کچھ دیر بعد زاہد کمپارٹمنٹ میں آیا اور خاتون سے دست درازی کی خاتون نے وہاں سے اکانومی بوگی میں جانے کی کوشش کی جس پر اسے جان سے مار دینے کی دھمکی دے کر اسے زیادتی کا نشانہ بنادیا' اس کے بعد انچارج عاقب آگیا اس نے بھی زبردستی مذکورہ خاتون سے زیادتی کی، اس کے جانے کے بعد ایک اور شخص کمپارٹمنٹ میں آیا اس نے بھی خاتون کے ساتھ زیادتی کی' کراچی سٹیشن پر پہنچ کر متاثرہ خاتون نے پولیس کو واقعہ بارے آگاہ کیا جس پر تھانہ ریلوے پولیس کراچی سٹی نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا، بتایا گیا ہے کہ واقعہ میں ملوث ٹرین کا عملہ فرار ہوگیا ہے۔

بقیہ 36

اس سے نہ تو درآمدی بل کے حجم میں کوئی خاص کمی آتی ہے، نہ کرنسی مستحکم ہوتی ہے اور نہ ہی زرمبادلہ کے ذخائر میں کوئی اضافہ ہوتا ہے۔مجموعی طور پر اس کے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔پچھلے 10 ماہ کے دوران ان اشیا کا مجموعی درآمدی بل 90 کروڑ ڈالر ہے، جو مجموعی درآمدات کے محض 1 فیصد کے مساوی ہے۔حکومت کے لگژری اشیا پر پابندی کے اقدام سے درحقیقت ریونیو میں نقصان ہوگا، کیوں کہ خام مال کی درآمد پر پابندی نہیں ہے، چناں چہ خام مال منگوا کر یہ اشیا مقامی سطح پر تیار کی جاسکتی ہیں۔دوسری جانب تیار مصنوعات کی درآمد پر حکومت کو ٹیکس کی مد میں آمدنی ہوتی تھی۔ دوسری جانب ان اشیا کی درآمد پر پابندی سے مقامی مارکیٹ پر ملکی کمپنیوں کی اجارہ داری قائم ہوجائے گی، وہ قیمتیں بڑھادیں گے اور صارفین جو پہلے ہی مالی دباؤ کا شکار ہیں، ان پر مزید بوجھ پڑجائے گا۔

بقیہ 37

کردی گئی جسے اس کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا جبکہ دو زخمیوں کو تشویشناک حالت میں ریفر کردیا گیا پولیس مصروف تفتیش ہے۔ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ نور پور تھل کے چک 29 ایم بی میں عبدالغفار اور عبدالقہار کے درمیان بھینس چوری اور اراضی تنازعات تھے جس کی دیرینہ رنجش میں دونوں فریقین کے درمیان فائرنگ سے 40 سالہ عبدالقہار جاں بحق اور چار افراد 50 سالہ محمد یوسف، 50 سالہ عبدالجبار، عبدالغفار اور عبدالستار شدید زخمی ہوگئے جن کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر کے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء [illegible] کے سپرد کردی گئی اور دو زخمیوں کو تشویشناک حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا گیا اس واقعہ کے مقتول کو اس کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا پولیس تھانہ نور پور تھل مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 38

شہباز نے تین ڈی آئی جیز کو ریلیو کردیا اور تین کو روک لیا ہے، وزیر اعلیٰ نے تین ڈی آئی جیز کو پنجاب سے ریلیو کرنے کی سمری ہی منظور نہیں کی۔ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب نے ڈی آئی جی شارق جمال، ڈی آئی جی سرفراز احمد فلکی اور ڈی آئی جی اقبال ڈارا کو پنجاب سے ریلیو کرنے کی سمری مسترد کر دی ہے۔پنجاب حکومت نے مذکورہ تین ڈی آئی جیز کو پنجاب سے ریلیو کرنے کا معاملہ موخر کردیا۔

بقیہ 39

مزاری کی گرفتاری کے بعد جوڈیشل کمیشن کی تشکیل سے متعلق کیس کی اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کی۔سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر شیریں مزاری اور درخواست گزار ایمان مزاری عدالت کے سامنے پیش ہوئیں۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ سمری بھیج دی ہے، امید ہے آج پیر کو ہی جوڈیشل کمیشن تشکیل دے دیا جائیگا۔ بعدازاں کیس کی مزید سماعت 16 جون تک ملتوی کردی گئی

بقیہ 40

انہوں نے ملک ریاض سے رابطہ نہیں کیا۔شاہ محمود قریشی نے آڈیو کی تردید کی کیا وہ اس موقع پر موجود تھے۔وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ نیب اور انتخابی اصلاحات بلز پارلیمنٹ کے جوائنٹ سیشن میں پاس کیے گئے۔صدر مملکت کا عہدہ قابل احترام ہے لیکن اب صدر مملکت اپنے اختیارات کا غلط استعمال کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عارف علوی پی ٹی آئی کے ورکر نہ بنیں۔ آئین کے مطابق صدر وزیراعظم کی تجویز پر عمل کرنے کا پابند ہے اگر 10 روز بعد تک وزیراعظم کی تجویز نہیں مانی جاتی تو آئین کے مطابق اس تجویز پر عملدرآمد شروع ہوجاتا ہے۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے نیب قوانین میں ترامیم کیں جن سے انتقامی مقدمے بن سکتے تھے۔نیب کا طریقہ کار یہ تھا کہ 10، 10 سال کیس چلتا تھا۔نیب کے حوالے سے ترامیم کردی گئی ہیں اب غلط کیس بنانے پر نیب افسران کو 5 سال کی سزا ہوگی۔

بقیہ 41

ہوئے ان سے چارج واپس لینے کا حکم دے دیا۔عدالت نے دعا زہرہ کیس میں تحریری فیصلے میں کہا کہ آئی جی سندھ کامران فضل نے غیر حقیقی رپورٹ پیش کی جو مسترد کی جاتی ہے۔ آئی جی سندھ کا چارج کسی اہل افسر کو دیا جائے۔اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اپنی رائے دے کہ کامران فضل اس عہدے کے اہل ہیں یا نہیں۔ ہم بہتر سمجھتے ہیں کہ اس مسئلے کو انتظامیہ پر چھوڑ دیا جائے۔ایڈوکیٹ جنرل سندھ سلمان طالب الدین نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ دعا زہرہ خیبرپختونخواہ میں ہے۔

بقیہ 42

تک پر پولیس نے تشدد کیا جبکہ پی ٹی آئی کارکن فیصل کو پل سے گرایا گیا۔انہوں نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ میں پیشی کے دوران مجھ پر حملہ ہوا تھا، ہم چاہتے تو ملزمان کے خلاف پولیس کو استعمال کرتے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے پولیس کو ہدایت کی تھی سیاسی ورکرز کو نشانہ نہ بنائیں، ہم نے اپنے دور میں کسی کے خلاف پولیس کو استعمال نہیں کیا۔

بقیہ 43

ایکٹ 1963 کے قوانین کے تمام سیکشنز کو درست قرار دیا جاچکا ہے، حکمرانوں سے اپیل ہے کہ قرضوں کی بجائے خود انحصاری کی پالیسی لائیں بصورت دیگر ہماری آنے والی نسلیں بھی عالمی مالیاتی اداروں کی مقروض رہیں گی ان خیالات کا اظہار ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری، صدر زوہیب الرحمٰن زبیری اور دیگر نے ''آئندہ مالی سال کا بجٹ اور توقعات'' کے موضوع پر مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدور افضل ایوبی، عثمان کیانی، واصف علی اویس، صدیق بٹ، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمٰن زبیری، جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمٰن انصاری سمیت دیگر بھی موجود تھے۔اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امیر طبقات اور اشرافیہ سے ویلتھ ٹیکس وصول کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ ٹیکس نیٹ میں آنے والوں کیلئے مراعاتی سکیمیں لائی جائیں اور انہیں یوٹیلٹی بلز سمیت دیگر سروسز میں الگ سے سہولت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی بل میں کمی کے لئے پاکستانی مصنوعات کے استعمال کیلئے وسیع مہم شروع کی جائے جس کے لئے حکمران طبقہ، سیاستدان، کھیلوں اور شوبز کی شخصیات اپنا حصہ ڈالیں۔

بقیہ 44

جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق لاپتہ افراد کیلئے قائم کمیٹی کے چیئرمین وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ ہونگے۔ کمیٹی کے اراکین میں وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ، خان وزیر مواصلات اسعد محمود، وفاقی وزیر شازیہ مری، وزیر دفاعی پیداوار اسرار ترین، وزیر بحری امور فیصل سبزواری اور وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ بھی شامل ہیں، کمیٹی انسانی حقوق کی تنظیموں کے نمائندوں اور جیورسٹ کو شامل کر سکے گی۔ کمیٹی اپنی رپورٹ وفاقی کابینہ کو پیش کرے گی اور وزارت داخلہ کمیٹی کو سیکرٹریٹ مہیا کرے گی۔

بقیہ 45

ایک بجے سے لے کر صبح 8 بجے تک 7 گھنٹے تک کنٹینرز پر کھڑے ہو کر جو دیکھا اس نے یہ ثابت کردیا کہ غیر ملکی سازش کے تحت مسلط کی گئی امپورٹڈ حکومت کے آنے کے بعد سے پاکستان ہمیشہ کے لئے تبدیل ہوگیا ہے۔آخر کار ذہنی غلامی کی زنجیریں ٹوٹ گئی ہیں۔

بقیہ 46

عارف علوی کو منظوری کے لئے ارسال کردیئے ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ دونوں بلز قومی اسمبلی سے منظوری کے بعد سینٹ سے بھی منظور ہوچکے ہیں، اور صدر مملکت کی منظوری کے بعد دونوں بلز ایکٹ آف پارلیمنٹ بن جائیں گے۔دوسری جانب تحریک انصاف نے دونوں بلز کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔

بقیہ 47

اظہار کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ ائیر فورس ملکی فضائی سرحدوں کی بہترین حفاظت کر رہی ہے۔

بقیہ 48

ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کرنے اور 80 میگا واٹ (274 جی ڈبلیو ایچ) سستی بجلی فراہم کرنے کی صلاحیت کا حامل ہوگا' ذرائع کے مطابق چنیوٹ ڈیم کے منصوبے کو واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی واپڈا نے مکمل کیا ہے، حکومت نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت 50 ملین روپے فراہم کیے جبکہ 96 اعشاریہ 330 ملین روپے واپڈا نے اپنے وسائل سے مہیا کرنا تھے۔

بقیہ 49

کوتاہیوں نے اعلیٰ تعلیم پر منفی اثر ڈالا ہے۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو مسلم لیگ (ن) کے سابق دور کی طرح فعال کیا جائے اور ملک بھر کی یونیورسٹیوں میں تعلیمی پراجیکٹس کی بحالی پر توجہ مرکوز کی جائے۔شہباز شریف نے نے اعلیٰ تعلیم کو عالمی معیار پر استوار کرنے والے پروگرامز کی تعداد میں اضافے اور اساتذہ اور طلبا کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ 50

صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا جس میں وزیر مملکت پیٹرولیم مصدق ملک، سیکرٹری پیٹرولیم، چیئرمین اوگرا اور ڈی جی گیس سمیت کاروباری شخصیات بھی شریک ہوئیں۔وزیر مملکت پیٹرولیم مصدق ملک نے کمیٹی کو بتایا کہ حکومت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کو ریگولیٹ کرتی ہے، ہم پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں پیٹرول پمپس کے درمیان مسابقت چاہتے ہیں۔اس موقع پر وزیر مملکت نے کہا کہ سابق وزیر توانائی نے روس سے تیل خریداری کے لیے ایک خط ضرور لکھا تھا تاہم روس کے ساتھ پاکستان کا تیل خریدنے کا کوئی معاہدہ نہیں۔وزارت پیٹرولیم نے بتایا کہ ایران سے بہت تیل پاکستان اسمگل ہورہا ہے، ایرانی اسمگل شدہ تیل سستا ہوتا ہے، اسمگلنگ جرم ہے۔سیکرٹری پیٹرولیم نے بتایا کہ گیس سیکٹر کا گردشی قرض بھی 1500 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔وزیر مملکت نے کہا کہ سوئی گیس کمپنیوں کے اثاثے کم ہونا شروع ہوگئے ہیں اور کمپنیوں کے منافع جات کم ہوگئے ہیں، اس طرح تو یہ کمپنیاں دیوالیہ ہوجائیں گی۔مصدق ملک نے کہا کہ حکومت کے پاس تو زہر کھانے کو بھی پیسے نہیں ہیں۔

بقیہ 51

وائرل ویڈیو میں موجود شخص کو سائن بورڈ پر چڑھے دیکھا گیا جس کے بعد عمران خان کا قافلہ جب اس سائن بورڈ کے نیچے سے گزرا تو اوپر موجود کارکن نے عمران خان کو ہاتھ ہلایا جس کے بعد پی ٹی آئی قیادت نے بھی سابق وزیراعظم کو اوپر موجود کارکن پر غور کروایا تو عمران خان نے اس کارکن سے ہاتھ ملایا اب اس حوالے سے سردار حبیب نامی مداح کا ایک انٹرویو سامنے آیا ہے، جس میں ان کا کہنا ہے کہ گھر سے سوچ کر گیا تھا کہ خان صاحب سے ملنا ہے، لوگ بہت تھے اور خان صاحب سے ملنے کی بھی خواہش تھی جس کے باعث سائن بورڈ پر چڑھ گیا۔پی ٹی آئی کارکن کا کہنا تھا کہ سوچا ہی نہیں تھا کہ گر گیا تو کیا ہوگا، کیوں کہ خان صاحب کیلئے جان بھی حاضر ہے۔

بقیہ 52

نہیں دی جائے گی، جس نے بھی احتجاج کرنا ہے ضلعی انتظامیہ سے باقاعدہ اجازت لے۔رپورٹس کے مطابق ریڈ زون کے داخلہ راستوں کے علاوہ اسلام آباد ایکسپریس وے پر بھی کنٹینرز پہنچا دیئے گئے ہیں۔

بقیہ 53

خان نے ایک ٹوئٹ کو ری ٹوئٹ کرتے ہوئے عمران خان سے متعلق ملنے والے مشورے پر رد عمل کا اظہار کیا۔ٹوئٹ میں ریحام خان کو مشورہ دیا گیا تھا کہ اب میرے خیال میں نیازی کا نام لینا بھی چھوڑ ہی دینا چاہیے، جتنا نام لیں گے اتنی ہی اس کو اہمیت دیں گے۔

بقیہ 54

کے مطابق خاتون کا شوہر روزگار کے سلسلے میں راولپنڈی میں مقیم ہے۔

بقیہ 55

درخواستوں پر نیپرا کے فیصلوں کے بعد ہوگا۔ذرائع نے بتایا کہ نیپرا 10 بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی ریونیو ضروریات کی درخواستوں پر سماعتیں مکمل کرچکا ہے۔

بقیہ 56

اور جماعت اسلامی 7 نشستوں پر کامیاب رہی ہے۔غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق جمعیت علمائے اسلام ف 260 نشستیں جیت کر سیاسی جماعتوں میں سرفہرست ہے۔

پیپلز پارٹی سے اتحاد بنانے سے بہتر ہے اپوزیشن میں بیٹھ جائیں

لانگ مارچ کے دوران حکومت کی جانب سے اختیار کیا گیا رویہ درست نہیں تھا

یہ لوگ صرف اپنے کیسز سے جان چھڑانے کیلئے حکومت میں آئے، سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری

اسلام آباد (حاجی ندیم) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی سے اتحاد کر کے حکومت بنانے سے بہتر ہے، اپوزیشن میں بیٹھ جائیں، لانگ مارچ کے دوران حکومت کی جانب سے اختیار کیا گیا رویہ درست نہیں تھا، یہ لوگ صرف اپنے کیسز سے جان چھڑانے کیلئے حکومت میں آئے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے اتحادی حکومت کے بجائے اپوزیشن میں بیٹھ جائیں، اگر پیپلز پارٹی سے اتحاد کرنا ہوتا تو بہت پہلے کر چکے ہوتے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ میں نے خان صاحب سے پیپلز پارٹی سے رابطہ کرنے کا کہا تو عمران خان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی سے اتحاد کرنے سے بہتر ہے ہم اپوزیشن میں بیٹھ جائیں۔

بابر علی رضا اور چوہدری ساجد زمان صاحبزادگان کی شادی

دعوت ولیمہ میں سیاسی وسماجی شخصیات سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد میں شرکت

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سیاسی وسماجی شخصیات چوہدری بابر علی رضا اور چوہدری ساجد زمان کے صاحبزادے زین علی رضا اور شاہجہان ساجد رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے دعوت ولیمہ گزشتہ روز نواحی گاؤں موہڑہ چوہدریاں میں سرانجام پائی دعوت ولیمہ میں رہنماء پاکستان تحریک انصاف وممبر صوبائی اسمبلی چوہدری ساجد محمود رہنماء پی ٹی آئی یونین کونسل سکھو ایڈووکیٹ محمد ارسلان قریشی سمیت علاقہ کی سیاسی وسماجی شخصیات کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور نو بیاہتا جوڑوں زین علی رضا اور شاہجہان ساجد کو شادی کی مبارک باد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

ہر ادارے کو ملکی مفاد کے بارے میں سوچنا چاہیے شاہ محمود قریشی

حمزہ شہباز آئینی طور پر وزیر اعلیٰ نہیں ہے، پنجاب میں ہمارے آئینی اور قانونی حق کو سلب کیا گیا،

وہ وقت دور نہیں اب اسمبلی میں ان کا ٹرائل ہوگا اور سزا بھی ہوگی' میڈیا سے گفتگو

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہر ادارے کو پاکستان کے مفاد کے بارے میں سوچنا چاہیے اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے، وہ وقت دور نہیں اب اسمبلی میں ان کا ٹرائل ہوگا اور سزا بھی ہوگی، حمزہ شہباز آئینی طور پر وزیر اعلیٰ نہیں ہے، پنجاب میں ہمارے آئینی اور قانونی حق کو سلب کیا گیا، پنجاب کے (بقیہ نمبر 19)

تیس فیصد گیس پائپ لائنوں میں سے ضائع ہورہی ہے' قائمہ کمیٹی فنکشنل

ہم کیوں قابل تجدید توانائی کا نظام نہیں بڑھا سکتے ،، سینیٹر تاج حیدر

اسلام آباد (روبینہ فیصل) سینٹ کی قائمہ کمیٹی فنکشنل کمیٹی سینیٹر تاج حیدر نے کہا ہے کہ تیس فیصد گیس پائپ لائنوں میں سے ضائع ہورہی ہے اور ملک میں گیس بحران ہے۔ سینیٹر تاج حیدر کی زیر صدارت سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے ڈیوولوشن کا اجلاس ہوا جس میں ڈپٹی چیئرمین سینٹ مرزا آفریدی، سینیٹر محمد اکرم، سپیشل سیکرٹری کابینہ ڈویژن اعزاز ڈار و دیگر نے شرکت کی

لاہور' مزدور گدھا ریڑھی پر ٹوکرے لوڈ کر رہے ہیں

گرفتاری نہیں اغوا کیا گیا، آزاد کمیشن بننا چاہیے، شیریں مزاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری نے کہا ہے کہ گرفتاری نہیں اصل میں تو اغوا کیا گیا، آزاد کمیشن بننا چاہیے۔ ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما شیریں مزاری نے کہا کہ بغیر وارنٹ کے جبری گمشدگی کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ شیریں مزاری نے کہا کہ اینٹی کرپشن یونٹ نے اپنی گاڑیوں کی بجائے اسلام آباد نمبر پلیٹ گاڑیاں استعمال کیں۔

وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں آٹے کی قیمت میں اضافے کا سخت نوٹس لے لیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں آٹے کی قیمت میں اضافے کا سخت نوٹس لے لیا۔ وزیراعظم نے آٹے کی قیمت میں اضافے پر متعلقہ وزیروں اور وزارتوں سے رپورٹ طلب کرلی۔ وزیراعظم نے ملک بھر میں آٹے کی قیمت حکومتی اعلان کے مطابق کرنے کے لیے (بقیہ نمبر 1)

پی ٹی آئی کے ڈی سیٹ ارکان کا سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنیکا فیصلہ

پی ٹی آئی کے 25 منحرف ارکان پنجاب اسمبلی کو الیکشن کمیشن نے ڈی سیٹ کیا تھا، رپورٹ

اسلام آباد (روبینہ فیصل) تحریک انصاف کے ڈی سیٹ ارکان نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ الیکشن کمیشن نے پارٹی کی جانب سے ریفرنس دائر کیے جانے کے بعد پی ٹی آئی کے 25 منحرف ارکان پنجاب اسمبلی کو الیکشن کمیشن نے ڈی (بقیہ نمبر 2)

صدر مملکت نے محمد بلیغ الرحمان کی بطور گورنر پنجاب تقرری کی منظوری دیدی

اسلام آباد (روبینہ فیصل) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے محمد بلیغ الرحمان کی بطور گورنر پنجاب تقرری کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے یہ منظوری وزیراعظم کے مشورے پر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 101 (1) اور آرٹیکل 101 (5) کے ساتھ ساتھ آرٹیکل 48(1) کے تحت دی۔

امریکی رکن کانگریس کی شہباز شریف، بلاول بھٹو کو مبارکباد

تاجر رہنماؤں سے ملنے جلد پاکستان کا دورہ کروں گا، روب وٹ مین

کراچی (این این آئی) امریکی کانگریس کے رکن روب وٹ مین نے کہا کہ امریکہ اور پاکستان کے درمیان تعاون کی ایک طویل تاریخ ہے اور ہم اقتصادی تعاون میں مزید بہتری کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو کو ان کے انتخاب پر نیک خواہشات کا پیغام دیا اور مزید کہا کہ وہ وزیراعظم اور وزیر خارجہ سے (بقیہ نمبر 3)

گرفتاری کے ڈر سے عمران خان بنی گالہ چھوڑ کر پشاور میں بیٹھے ہیں، سعید غنی

عمران خان کو آئین میں درج طریقہ کار کے تحت ہٹایا گیا، کانفرنس سے خطاب

کراچی (ہادی حسین) صوبائی وزیر سندھ محنت سعید غنی نے کہا ہے کہ گرفتاری کے ڈر سے عمران خان بنی گالہ چھوڑ کر پشاور میں بیٹھے ہیں۔ کراچی کے ایک ہوٹل میں ہیومن رائٹس کانفرنس منعقد کی گئی۔ کانفرنس میں یورپی یونین کے وفد نے بھی (بقیہ نمبر 20)

اصل خوف یہ ہے فرح گوگی پکڑی گئی تو قدموں کے نشان بنی گالہ محل تک جائیں گے' مریم نواز

لاہور (ہادی حسین) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے فرح گوگی کیس کے حوالے سے ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ جب چوری کی ہو تو پھر ایسے فرار اختیار کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اصل خوف یہ ہے کہ پکڑے گئے تو قدموں کے نشان بنی گالہ محل تک جائیں گے۔

شاہ محمود کی عمر سرفراز چیمہ اور عثمان بزدار سے ملاقات

پنجاب میں دھونس اور زبردستی سے غیر آئینی وزیر اعلیٰ مسلط کیا گیا، شاہ محمود قریشی

لاہور (اے ایف پی) سابق گورنر پنجاب عمر چیمہ اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار سے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ملاقات ہوئی، ملاقات میں پنجاب میں ن لیگ کی غنڈہ گردی اور لاقانونیت سمیت سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سابق (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد' وفاقی وزیر خارجہ خواجہ آصف سے ترکش سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بہاولنگر' نوجوان کے سپنے چکنا چور 'دولہا دل میں دلہن کے ارمان لیئے خالی واپس لوٹ گیا

بہاولنگر (این این آئی) نوجوان کے سپنے چکنا چور۔ تھانہ بخشن کے علاقہ میں دولہے کے ساتھ فراڈ۔ دولہا دل میں دلہن کے ارمان لیئے خالی واپس لوٹ گیا۔ دولہا بارات لے کر پہنچا تو دلہن والوں نے جھگڑا ڈال لیا۔ دلہن والوں نے باراتیوں کی خوب درگت بنائی اور بغیر دلہن کے بارات واپس بھیج دی۔ دلہن والوں نے 20 ہزار نقدی اور 2 تولہ سونا بھی لے لیا۔ دولہا انصاف کے لیئے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی کھلی کچہری پہنچ گیا۔

سی پی اے کمیٹی میٹی نینس کے زیر اہتمام جی سیون تھری فور میں عظیم الشان جلسے کا انعقاد

مزدور یونین کو ہر مشکل میں آگے بڑھنے کا سلیقہ آتا ہے، چوہدری محمد یٰسین

محنت کش آپس میں اتحاد اور یکجہتی کو فروغ دیں۔ اورنگزیب خان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ڈی اے مزدور یونین (چوہدری محمد یٰسین گروپ) سی بی اے کمیٹی میٹی نینس کے زیر اہتمام جی سیون انکوائری سیونتھ ایونیو پر مزدور یونین کی محنت کشوں کے لیے شاندار کارکردگی کے حوالے سے اظہار تشکر کے لیے عظیم الشان جلسے کا انعقاد کیا گیا، جلسے سے پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل چوہدری محمد (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد' سی ڈی اے مزدور یونین سی بی اے کمیٹی میٹی نینس کے زیر اہتمام جلسے سے پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل چوہدری محمد یٰسین خطاب کر رہے ہیں

عمران نیازی کا کام اور مشن صرف انتشار پھیلانا ہے احسن اقبال

ترقی کی راہ میں روڑے اٹکانے والوں کو عوام اچھی طرح پہچان چکی ہے، پارٹی کارکنان اور سیاسی ورکرز سے گفتگو

کراچی' فیریئر ہال میں شہری سخت گرمی میں دوپہر کے اوقات میں آرام کر رہے ہیں

ظفروال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ عمران نیازی کی حکومت نے اپنے چار سالہ دور میں ملکی معیشت کو تباہ کر دیا عوام پر مہنگائی کے پہاڑ گرائے گئے۔ ہمارا مشن عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنا ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد کام شروع ہونگے عمران نیازی سیاست اور اخلاقیات سے بہت دور ہیں۔ ان کا کام اور مشن صرف انتشار پھیلانا ہے لیکن ان کی ہر سازش کو ناکامی کا سامنا رہے گا۔ ترقی کی راہ (بقیہ نمبر 25)

سرگودھا میں کام کرنے سے انکار پر بااثر افراد نے میاں بیوی کا تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

سرگودھا (راحیلہ یوسف) سرگودھا میں کام کرنے سے انکار پر بااثر افراد نے میاں بیوی کا تشدد کا نشانہ بنا ڈالا دوسرے واقعہ میں باپ نے بیٹے سے مل کر ماں بیٹی پر تشدد کیا۔ پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے موضع صاحبہ بلوچاں میں ڈیرہ پر کام سے انکار پر بااثر افراد مہران اور دانش (بقیہ نمبر 11)

فلسطین کی حمایت میں پاکستانی پالیسی میں کوئی تبدیلی آئی ہے نہ آئے گی، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے واضح کیا ہے کہ فلسطین کی حمایت میں پاکستانی پالیسی میں کوئی تبدیلی آئی ہے نہ آئے گی، فلسطین پر پاکستان کی ریاستی پالیسی واضح اور بابائے قوم قائداعظم کے فرامین پر مبنی ہے، پاکستان کے عوام کی خواہشات اور امنگوں (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد' شیری رحمٰن سے ورلڈ بنک کے کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کرتے ہوئے

جھنگ کمانڈر (ر) صہیب گوہر صدیقی کی والدہ کی وفات



جھنگ (نمائندہ عوامی للکار) جھنگ کمانڈر (ر) صہیب گوہر صدیقی کی والدہ کی وفات پر جھنگ کے معروف کراٹے ماسٹر عارف خان انٹرنیشنل شن کیوکوشن کائی کراٹے آفیشل کوچ، نسیم احمد، جاوید اقبال، فہیم انجم، انگلش لیکچرار پنجاب کالج، سعد اللہ طیب، عمر دراز، رانا ندیم، ذیشان عابدی، میاں علی اختر سالار، چوہدری تنویر پاشا، ایڈووکیٹ، رانا زاہد حسین، پرویز احمد ہاشمی، قاضی محسن رضا، محمد ہاشم انجمن تاجران جھنگ اور آفیسر کیڈٹ کالج جھنگ کے Ceo نوید اقبال، پرنسپل شہزاد احمد نے امجد خان، اویس ملک، آرچری کوچ امان اللہ خان نے (بقیہ نمبر 13)

مقبوضہ جموں وکشمیر سے آنے والے 26 روہنگیا مسلمانوں کو پولیس نے آسام میں گرفتار کرلیا

گوہاٹی (اے ایف پی) بھارتی ریاست آسام کی پولیس نے میانمار کے 26 شہریوں کو ریاست میں داخل ہونے کے بعد گرفتار کر لیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق میانمار کے 26 شہری مقبوضہ (بقیہ نمبر 26)

وزیر توانائی خرم دستگیر خان کا نیسپاک ہاؤس لاہور کا دورہ

نیسپاک کی قومی خدمات کو سراہا اور سولر انرجی پراجیکٹس لانچ کرنیکا عندیا دیا

لاہور (ہادی حسین) وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر خان گزشتہ روز نیسپاک ہاؤس لاہور کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد نیسپاک کی ورکنگ کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر نیسپاک کے مینجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر طاہر مسعود نے وزیر کا خیر مقدم کیا اور انہیں نیسپاک کے قیام کے (بقیہ نمبر 22)

(ن) لیگ کی حکومت عوام کو ریلیف دینے پر ہی یقین رکھتی ہے' خواجہ عمران نذیر

بہت جلد آٹے کے بعد گھی اور چینی میں بھی عوام کو ریلیف ملنے والا ہے' رکن اسمبلی

لاہور (ہادی حسین) مسلم لیگ (ن) لاہور کے رکن اسمبلی خواجہ عمران نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی حکومت عوام کو ریلیف دینے پر ہی یقین رکھتی ہے، بہت جلد آٹے کے بعد گھی اور چینی میں بھی عوام کو ریلیف ملنے والا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران نیازی کی ہٹ دھرمی، انا، ضد اور میں نہ مانوں کی سیاست نے ملکی معاشی صورت حال کو مکمل طور پر تباہ کر کے رکھ دیا

پی ایچ اے کا شہر لاہور کی خالی جگہوں پر شجرکاری اور گھاس لگانے کا فیصلہ

لاہور (ہادی حسین) ڈی جی پی ایچ اے عمر جہانگیر کا سرسبز لاہور مشن کیلئے احسن اقدام کرتے ہوئے کہا کہ لاہور بھر کے تمام علاقوں، خالی جگہوں پر شجرکاری اور گھاس لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ شہری جہاں درخت لگ سکتے ہوں، شجرکاری کی جاسکتی ہو یا گھاس (بقیہ نمبر 27)

''اسلوب انٹرنیشنل'' کے زیر اہتمام تقریب رونمائی مشاعرہ کا انعقاد

''اسلوب انٹرنیشنل'' کی طرف سے شعراء کرام اور سامعین کے لیے پر تکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا

لاہور (نبیلہ اکبر) ادبی تنظیم ''اسلوب انٹرنیشنل'' کے زیر اہتمام 29 مئی 2022 بروز اتوار ایک خوبصورت تقریب رونمائی و مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب تنظیم کے مرکزی دفتر آیان پلیس 793 گلبہار بلاک بحریہ ٹاؤن لاہور میں منعقد ہوئی۔ آنے والے شعراء کرام کو جناب اشعر گیلانی، جناب ڈاکٹر تنویر احمد، جناب اکمل حنیف نے خوش آمدید کہا۔ صاحب کتاب اس تقریب کے اُردو و پنجابی زبان کے بین الاقوامی شہرت کے حامل سینئر شاعر، نقاد، محقق، کالم نگار، موسیقار، اداکار، صداکار، اینکر اور نڈر صحافی اور صاف گو سچے انسان جناب فرحت عباس شاہ کے شعری مجموعہ ''مزاحمت کریں گے ہم'' کی تقریب رونمائی میں منعقد کی گئی۔ فرحت عباس شاہ صاحب آج کی تقریب کے دولہا تھے۔ تقریب کی صدارت جدید لب و لہجے کے باکمال سینئر شاعر، ناول نگار، افسانہ نگار، نقاد محقق، بے شمار (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی' پولیو ٹیم کیساتھ بدسلوکی، کام سے روکنے پر مقدمات درج

قائل کرنے کے بعد 10 میں سے 6 افراد نے اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کی اجازت دی

پولیو ٹیم کی حفاظت اور مدد کرنیوالے پولیس اہلکاروں کو بھی پولیو قطرے پلانے کی مہم کے دوران مقامی افراد کی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی کے نیو ٹاؤن پولیس اسٹیشن میں درج کی گئی شکایات کے مطابق 4 مختلف واقعات میں پولیو ورکرز، بشمول خواتین کو ہراساں کر کے بچوں کو قطرے پلانے سے روکا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیو ٹیم کی حفاظت اور مدد کرنے والے پولیس اہلکاروں کو بھی پولیو قطرے پلانے کی مہم کے دوران مقامی افراد کی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ انسداد پولیو مہم کے دوران (بقیہ نمبر 4)

حکومت نے منکی پاکس سے نمٹنے کیلئے ہائی الرٹ جاری کر دیا

منکی پاکس ایک وائرل بیماری ہے جو حالیہ دنوں میں یورپ اور دیگر خطوں میں پھیل رہی ہے،

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) وفاقی حکومت نے تمام قومی اور صوبائی محکمہ صحت کے حکام کو خصوصی ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ منکی پاکس کے کسی بھی مشتبہ کیس کے لیے ہائی الرٹ رہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت صحت اس صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور پاکستان میں منکی پاکس کے کیسز کے بارے میں سوشل میڈیا پر گردش (بقیہ نمبر 7)

پنجاب بھر میں 956 ٹریفک حادثات میں 14 افراد جاں بحق 1020 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 956 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جس میں 14 افراد جاں بحق 1020 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 422 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر (بقیہ نمبر 5)

نمرہ بازیاب کرالی، دعا کیلئے وقت لیا ہے، آئی جی سندھ

انویسٹی گیشن کے معاملات نہ پوچھیں، چھاپے مارے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ کامران فضل نے کہا ہے کہ بچی نمرہ کاظمی کو بازیاب کرالیا ہے، دوسری بچی دعا زہرہ کو بازیاب کرانے کے لیے وقت لیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ میں دعا زہرہ اور نمرہ کاظمی کی بازیابی سے متعلق کیس کی سماعت کے بعد آئی جی سندھ کامران فضل نے میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کی۔ آئی جی سندھ کامران فضل نے بتایا کہ ہم اپنی کوششیں مزید بڑھائیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ انویسٹی گیشن کے معاملات نہ پوچھیں، چھاپے مارے ہیں۔ آئی جی سندھ نے بتایا کہ تین چار صوبوں (بقیہ نمبر 8)

7 ویں ڈیجیٹل خانہ ومردم شماری کے لیے حساسیت کی ورکشاپ

پرل کانٹی نینٹل ہوٹل پشاور میں 30 مئی 2022 کو منعقد ہوئی

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس نے 30 مئی 2022 کو پی سی ہوٹل پشاور میں ساتویں ڈیجیٹل خانہ ومردم شماری 2022 کے حوالے سے ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ ورکشاپ کا مقصد آئندہ مردم شماری کو آسانی سے انجام دینے کے لیے چیف سیکرٹریز، متعلقہ سیکرٹریز، ڈویژنل کمشنرز اور خیبر پختونخوا کے ڈپٹی کمشنرز کا اعتماد بڑھانا تھا۔ ورکشاپ میں مردم شماری کے عمل میں صوبوں کے کردار کی وضاحت بھی کی گئی۔ صوبائی حکام پی بی ایس کے تعاون سے فیلڈ میں گنتی اور مردم شماری کے نگرانی کے عمل میں بھی (بقیہ نمبر 15)

احتساب عدالت میں نوری آباد پاور پلانٹ ریفرنس پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت میں نوری آباد پاور پلانٹ ریفرنس پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دی گئی۔ ریفرنس پر سماعت احتساب عدالت کے جج سید اصغر علی نے کی۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ نیب قوانین میں ترمیم کے باعث سماعت بغیر کارروائی (بقیہ نمبر 6)

فیڈرل پبلک سروس کمیشن میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی تقرری کیس

ایگزیکٹو ڈائریکٹر پولی کلینک کا عہدہ دوبارہ مشتہر کرنے کا حکم

اسلام آباد (حاجی ندیم) سپریم کورٹ آف پاکستان نے فیڈرل پبلک سروس کمیشن میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی تقرری سے متعلق کیس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پولی کلینک کا عہدہ دوبارہ مشتہر کرنے کا حکم دیدیا۔ پیر کو کیس کی سماعت چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے کی۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے کہا کہ جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پولی کلینک نے عہدہ کے لیے اپلائی کیا، عہدے کے لیے بیس سالہ تجربہ درکار تھا۔ انہوں نے کہا کہ جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے پاس مطلوبہ تجربہ سے کم تجربہ تھا 2015 میں آنے والے رولز سابقہ قوانین کا تسلسل نہیں تھے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہمارے پاس 2014 کے رولز (بقیہ نمبر 9)

یو ای ٹی نے پہلا مائکرو پروسیسر سسٹم تیار کرلیا

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے الیکٹریکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے محققین نے مختلف خصوصیات کے حامل سسٹم آن چپ کا کامیاب تجربہ کیا ہے، یہ ڈیزائن RISC-V پروسیسر کور، موٹر کنٹرول ماڈیولز پر مشتمل ہے، ہر ایک dc-servo موٹرز کو مربوط ملٹی ایکسس موشن کنٹرول کے لیے کنٹرول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے،

نواب شاہ، لیڈی ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت سے دوران زچگی خاتون جاں بحق

نوابشاہ (این این آئی) نواب شاہ میں لیڈی ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت سے دوران زچگی خاتون جاں بحق ہوگئی۔ پولیس کے مطابق گاؤں کرم علی جمالی کی رہائشی خاتون کو زچگی کے لیے سٹھ میل روڈ پر ایک نجی میڈیکل سینٹر میں لایا گیا تھا جہاں دوران زچگی خاتون جاں بحق ہو گئیں۔ متوفیہ کے شوہر کے مطابق دوران زچگی زیادہ خون بہہ جانے کے باعث حالت خراب ہوگئی جسکے بعد میڈیکل سینٹر کی انتظامیہ نے مریضہ کو پیپلز میڈیکل ہسپتال (پی ایم سی) لے جانے کا کہا تاہم پی ایم سی پہنچنے پر ڈاکٹروں نے بتایا کہ خاتون پہلے ہی جاں بحق ہو چکی ہے۔

خیبر پولیس اور ڈی پی او کے درمیان مذاکرات کامیاب

جائز مسائل فوری حل کرنے کی کوشش کروں گا، ڈی پی او خیبر محمد عمران



ضلع خیبر (نمائندہ اکبر آفریدی سے) خیبر پولیس اور ڈی پی او کے درمیان مذاکرات کامیاب تمام مطالبات جائز ہے اس پر عمل کرینگے ڈی پی او خیبر محمد عمران ضلع خیبر پولیس کے جتنے مسائل ہیں جو میں حل کرسکتا ہوں ان کو فوری حل کرنے کی کوشش کرونگا مقامی پولیس کو اپنے علاقوں میں ڈیوٹی کرنے کے پابند ہونگے جو ڈیوٹی نہیں کرتے (بقیہ نمبر 23)

ٹک ٹاکر ڈولی کی عبوری ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) درختوں کو آگ لگا کر ٹک ٹاک بنانے کے الزام میں ٹک ٹاکر نوشین سعید عرف ڈولی کی عبوری ضمانت منظور ہوگئی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق جہانگیری نے 8 جون تک ٹک ٹاکر ڈولی کی عبوری ضمانت منظور کی ہے۔ عدالت نے عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے ملزمہ کو ایک لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا ہے۔

''انسداد منشیات'' کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

احمد پور سیال (این این آئی) آج 31 مئی 2022 کو ''انسداد منشیات'' کا عالمی دن منایا جائے گا۔ اس دن کو منانے کا مقصد لوگوں کو تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا ہے۔ سگریٹ یا تمباکو نوشی ایک تشویشناک عادت ہے جو عصر حاضر میں کواتین و حضرات کے لیے بے شمار صحت اور معاشی مسائل کا پیش خیمہ ہے اور یہ عادت روز بروز بڑھتی جارہی ہے اس کے خلاف دنیا میں صرف چند ملکوں میں پابندی لگائی گئی ہے لیکن باقاعدہ طور پر اس پر عمل درآمد نہیں ہوسکا۔

این آر او کون مانگ رہا تھا یہ سب نے سن لیا ہے، شیری رحمٰن

پی ٹی آئی حکومت میں مخالفین کو بغیر انکوائری کئی ماہ قید میں رکھا جاتا تھا،

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما و وفاقی وزیر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ ہم نے سلیکٹڈ حکومت سے کبھی کوئی رعایت نہیں مانگی تھی، این آر او کون مانگ رہا تھا یہ سب نے سن لیا ہے۔ ایک بیان شیری رحمٰن نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف حکومت کے بلڈوز کیے قوانین میں ترامیم اتحادی حکومت کا مشترکہ ایجنڈا ہے، (بقیہ نمبر 18)

ضرورت نمائندگان

عوامی للکار گروپ آف نیوز پیپرز کو ملک بھر سے

Email- info@awamilalkaar.com
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر
تحصیل رپورٹر | سٹی رپورٹر | کرائم رپورٹر
نمائندہ خصوصی | علاقائی رپورٹر | کیمرہ مین

کی فوری ضرورت ہے تجربہ کار اور صحافت میں اپنا نام پیدا کرنے کے خواہشمند حضرات رابطہ کریں

رابطہ نمبر
محمد فیصل ندیم 0309-7900035

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035